
# آفتابِ ولایت

## شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ



مرتبہ

**جاوید اقبال مظہری**

بی اے، ایل۔ایل۔بی

3490

مظہری پبلی کیشنز، کراچی فون: ۵۸۴۰۹۹۳

Marfat.com

# آفتابِ ولایت

شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ

مرتبہ

جاوید اقبال مظہری

بی اے، ایل۔ایل۔بی

مظہری پبلی کیشنز، کراچی

فون: ۵۸۴۰۹۹۳

Marfat.com

حقوق طباعت بحق میاں محمد مظہر مسعود مسعودی و میاں محمد طٰہٰ مسعودی سلمہما اللہ تعالیٰ محفوظ ہیں


۱۔ نام کتاب آفتاب ولایت

۲۔ مؤلف جاوید اقبال مظہری

۳۔ کمپوزنگ شعیب افتخار مسعودی

جیلانی پرنٹ انٹر پرائز، کراچی

صدر کراچی، فون: 5219222

۴۔ اشاعت اوّل

۵۔ ناشر مظہری پبلی کیشنز کراچی

۶۔ طباعت ۱۴۲۳ھ/۲۰۰۲ء

۷۔ تعداد ایک ہزار

۸۔ ہدیہ ۲۰ر روپے


86686

## ملنے کے پتے


۱۔ ادارۂ مسعودیہ، ۲/۶،۵۔ای ناظم آباد، کراچی۔ فون ۶۶۱۴۷۷۔۲۱۳۹۷۳

۲۔ ضیاء الاسلام پبلی کیشنز۔ ضیاء منزل (شوگن مینشن) آف محمد بن قاسم روڈ، عیدگاہ، کراچی۔
فون ۲۲۱۳۹۷۳۔۲۶۳۳۸۱۹

۳۔ مکتبہ رضویہ، عقب آرام باغ، کراچی۔ فون: ۲۱۶۴۶۲

۴۔ دربار عالیہ مرشد آباد بالمقابل سول اینڈ آڈٹ کالونی کوہاٹ روڈ، پشاور شہر فون: ۲۳۱۱۶۵

۵۔ مظہری پبلی کیشنز، ۷۔سی اسٹیڈیم لین ون، فیز ۵، خیابان شمشیر، ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی کراچی۔
فون: ۵۸۴۰۷۶۵


Marfat.com

3490

# انتساب

امام ربانی مجدد الف ثانی حضرت شیخ احمد سرہندی فاروقی علیہ الرحمہ کے نام جن کا قلبِ اطہر انوارِ الٰھیّہ کا جلوہ گاہ تھا اور نورِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم سے منور و مستنیر، جس کی روشنی سے ایک عالم روشن ہوا۔

احقر العباد
جاوید اقبال مظہری مجددی

Marfat.com

# فہرس


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱ | انتساب | ۳ |
| ۲ | عکس روضہ مبارک | ۶ |
| ۳ | عکس مکتوب گرامی | ۷ |
| ۴ | احادیث مبارکہ اور انوارِ ولایت | ۱۱ |
| ۵ | میلاد مجدد قدس سرہ | ۱۴ |
| ۶ | ولادتِ باسعادت | ۱۶ |
| ۷ | تعلیم و تعلم | ۱۸ |
| ۸ | شیوخ طریقت | ۱۹ |
| ۹ | سلسلہ نقشبندیہ کے انوار و معارف | ۲۲ |
| ۱۰ | عقائد حضرت مجدد الف ثانی | ۲۲ |
| ۱۱ | تبلیغ و ارشاد | ۲۵ |
| ۱۲ | مکتوب ہردے رام | ۲۶ |
| ۱۳ | کلمہ طیبہ کے بلند معارف | ۲۷ |
| ۱۴ | توجہ الی اللہ اور اتباع سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم | ۲۹ |
| ۱۵ | قربِ نبوت اور قربِ ولایت | ۳۰ |
| ۱۶ | واقف اسرار حقیقت | ۳۳ |
| ۱۷ | قرآن کریم کے اسرار و معارف | ۳۴ |


Marfat.com


۱۸ علم احکام اور علم اسرار ۳۴
۱۹ مرید اور مراد ۳۵
۲۰ طاق عدد کی رعایت ۳۵
۲۱ معمولات طیبات ۳۶
۲۲ کوہِ استقامت ۴۰
۲۳ عکس قلعہ گوالیار ۴۳
۲۴ نوازشاتِ اولیاء کرام ۴۴
۲۵ مقربِ بارگاہ رسالت ۴۵
۲۶ مقرب بارہ گاہ صمدیت ۴۷
۲۷ وصال مبارک ۴۸
۲۸ اولاد امجاد ۵۱
۲۹ خلفاء کبار ۵۱
۳۰ تصانیف ۵۲
۳۱ کرامات ۵۳
۳۱ خراج تحسین ۵۸
۳۲ طالبین نقشبندیہ مجددیہ کے لیے بشارت ۶۰
۳۳ ارشادات مجدد الف ثانی ۶۱
۳۴ ماخذ و مراجع ۶۴

3490

Marfat.com

## روضۂ پُرانوار

امامِ ربانی حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ سرہند شریف ریاست پٹیالہ بھارت




اس خاک کے ذرّوں سے ہیں شرمندہ ستارے
اس خاک میں پوشیدہ ہے وہ صاحب اسرار
گردن نہ جھکی جس کی جہاں گیر کے آگے
جس کے نفسِ گرم سے ہے گرمی احرار

وہ ہند میں سرمایہ ملت کا نگہبان
اللہ نے بر وقت کیا جس کو خبردار

سپاس گزار: شاعر مشرق ڈاکٹر محمد اقبال

Marfat.com

**عکس مکتوب مبارک** حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہٗ کہ بہ دستِ حق پرست خود نوشتہ بہ نواب والاجاہ سیادت پناہ مرتضیٰ خاں سید فرید بخاری رحمہ اللہ ورضی عنہ ارسال فرمودہ اند۔ ایں مکتوب دو صد و سیز دہم است از دفترِ اول۔ بقیہ مکتوب کہ بر پشتِ کاغذ اندراج یافتہ چوں کہ حضرات اجداد کرام رحمہم اللہ از وجہ بوسیدگی کاغذ جا بجا چسپانیدہ اند خواندہ نمی شود۔ و عبارت "عصمکم اللہ سبحانہ" و "بجنابکم" و "سائر فرق" از وجہ بوسیدگی کاغذ ضائع شدہ است۔ اَلْبَقَاءُ لِلّٰہِ سُبْحَانَہٗ وَحْدَہٗ۔


عصمکم الله سبحانه عما لا یلیق بجنابکم
بحرمة جدکم الامجد علیه وعلی آله الصلوات
والتسلیمات
قال الله تعالی هل جزاء الاحسان الا الاحسان
می داند که احسان شما را بکدام احسان مکافات نماید غیر
از آنکه دعا و فاتحه [illegible] بدعای سلامتی دارین رطب اللسان
باشد الحمد لله سبحانه والمنة که اینمعنی بی خواست میسر است
واحسان دیگر که لائق مکافات است موعظه و تذکیر است
[illegible]
خلاصه مواعظ و زبده نصائح اختلاط و انبساط با اهل [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] از هر فرقه که باشند لصوص دین اند
از صحبت اینها نیز از ضروریات است این همه فتنه و فساد
که در دین پیدا شده است از شومی اینجماعه است که [illegible]
دنیوی آخرت خود را برباد داده اند اولئک الذین اشتروا
الضلالة بالهدی فما ربحت تجارتهم وما کانوا مهتدین
ابلیس لعین را شخصی دید که آسوده و فارغ البال
نشسته است و دست از اغوا و اضلال کوتاه کرده

(بقیہ مکتوب) سرّ آنرا پرسید لعین گفت کہ علماءِ سوء ایں وقت کارِ مرا کفایت کردہ اند و متکفل اغوا و اضلال گشتہ۔ از طلبۂ آنجائے مولانا عمر نیک نہاد است بشرطِ آنکہ او را دل بدہند در اظہارِ حق دلیر سازند دعا فظ امام نیز جنونِ اسلام دارد کہ در اسلام ازاں جنون چارہ نبود لَنْ یُّؤْمِنَ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یُقَالَ اِنَّہٗ مَجْنُوْنٌ۔ معلوم شریف است کہ ایں فقیر بگفتن و نوشتن در تحریض بر صحبتِ نیک تقصیر نکردہ است و در مبالغہ نمودن از اجتناب از مصاحبِ سوء خود را معاف نداشتہ کہ آں را اصل عظیم میداند، وَالْقُبُوْلُ عِنْدَکُمْ بَلْ کُلٌّ مِنْ عِنْدِ اللّٰہِ فَطُوْبٰی لِمَنْ جَعَلَہُ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ مَظْہَرَ الْخَیْرِ، تذکر احسانہائے شما برین گفتگوئے می آرد و ملاحظۂ تصدیع و ملال را از میان برمی اندازد۔ والسلام

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# افتتاحیہ

حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

اللہ کے بندوں میں سے ایسے لوگ بھی ہیں جو نہ نبی ہیں اور نہ شہید لیکن قیامت کے دن قربِ الٰہی کی وجہ سے انبیاء اور شہدا ان پر رشک کریں گے۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں بتایئے وہ کون لوگ ہیں اُن کے اعمال کیا ہیں تا کہ ہم ان لوگوں سے محبت کریں۔ فرمایا وہ لوگ جو اللہ کے لیے آپس میں محبت کرتے ہیں نہ اُن میں کوئی رشتہ ہے اور نہ مالی منفعت لوگ حزن و ملال میں مبتلا ہوں گے لیکن انہیں کوئی حزن و ملال نہ ہوگا۔ (قرطبی)

پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی۔

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآ ءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ٥ (سورہ یونس: ۶۲)

سرکارِ ابد قرار صلی اللہ علیہ وسلم پر سلسلہ نبوت ختم ہوگیا لیکن فیضانِ نبوت ختم نہیں ہُوا اور یہ فیضان حضرات اہلِ اللہ کے ذریعے جاری ہے۔ انہی اہلِ اللہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لاڈلے اور محبوب اور حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے نائب مناب حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی قدس سرہ العزیز کی ذات گرامی ہے کہ جنہوں نے شہنشاہ جہانگیر کے سامنے سجدہ تعظیمی کرنے سے انکار فرمایا اور توحید کے پرچم کو بلند فرمایا اور شہنشاہ اکبر کے نام نہاد دینِ الٰہی کی جگہ دینِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا چراغ روشن فرمایا۔ حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ نے اکابرین اولیائے کاملین کی ارواح سے فیض حاصل کیا۔

Marfat.com

چاروں سلاسل میں اجازت و خلافت حاصل فرمائی۔ آپ فیض یاب بھی ہیں اور فیض رسان بھی ہیں۔ آپ ایک مکتوب میں خود فرماتے ہیں۔ ''میں مرید بھی ہوں اور مراد بھی ہوں۔

اتباع سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کی سیرتِ طیبہ کا جوہر عظیم تھا۔ آپ کے مکتوبات، مکتوباتِ امامِ ربانی گنجینۂ گوہر ہیں ان مکتوبات میں توحید کے اسرار و معارف بیان کیے گئے ہیں اور سب سے زیادہ زور اتباع سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر دیا گیا ہے۔ ان مکاتیب میں تصوف کے عظیم الشان معارف بیان کیے گئے ہیں۔ غرض یہ مکتوبات علوم و معارف کا انمول خزینہ ہیں۔ حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کے مکتوبات شریف کے مطالعہ میں جو کیف و سرور ہے وہ بیان سے باہر ہے ان مکاتیب کے مطالعہ کے وقت یہ شعر یاد آتا ہے۔

سُرورِ علم ہے کیف شراب سے بہتر
کوئی رفیق نہیں ہے کتاب سے بہتر

حضرت مجدد الف ثانی نے جہانگیر بادشاہ کو راہِ راست پر لانے کی ترغیب فرمائی، آپ نے اعیانِ مملکت میں وزراء، امراء اور دیگر عہدیداراوں کو مکتوبات ارسال فرما کر اصلاح فرمائی۔ حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کی تعلیمات کی جس قدر ضرورت اکبر اور جہانگیر کے ادوار میں تھی اس سے کہیں زیادہ اس دور میں ہے اہل علم و دانش اور اہل عرفان آگے آئیں اور آپ کی تعلیم کو عام کریں جو جہاد سے کم نہیں۔ پیش نظر کتاب میں حضرت مجدد الف ثانی کے مختصر حالات زندگی اور فضائل و کمالات پر گفتگو کی گئی ہے۔ احقر اپنے حضرت نعمت مسعود ملت پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب دامت برکاتہم العالیہ کا مشکور ہے کہ انہوں نے اس

Marfat.com

کتاب کا نام ''آفتابِ ولایت'' رکھا۔

حضرات اہل اللہ کے حالاتِ زندگی اور ملفوظات کا مطالعہ مردہ دلوں کو زندہ کرتا ہے اور زندہ دلوں کو اور روشن کرتا ہے۔ انشاءاللہ پیشِ نظر کتاب کے مطالعہ سے قلب ونظر روشن ہوں گے اور یہ معلوم ہوگا کہ اللہ کے صاحبِ اسرار بندوں کی کیا شان ہے۔ ہاں یہ سچ ہے کہ:

یہ غازی یہ ترے پراسرار بندے
جنہیں تونے بخشا ہے ذوقِ خدائی
دو نیم جن کی ٹھوکر سے صحرا و دریا
سمٹ کر پہاڑوں کی ہیبت سے رائی
دو عالم سے کرتی ہے بیگانہ دل کو
عجب چیز ہے لذتِ آشنائی (اقبال)

۲۷ رذی الحجہ ۱۴۲۳ھ
مطابق
۱۲ مارچ ۲۰۰۲ء
بروز منگل وقت عصر

احقر العباد
جاوید اقبال مظہری مجددی

Marfat.com

# احادیثِ مبارکہ اور انوارِ ولایت

کائنات کا ذرہ ذرہ سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی چشمِ پُرنور سے پوشیدہ نہیں۔ اُن کی نظر گناہ گاروں اور سیاہ کاروں پر بھی ہے اور محبوبوں پر بھی، آپ چشمِ عالم سے پوری کائنات کا مشاہدہ فرما رہے ہیں۔ آپ نے حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کے منہ میں سات بار لعابِ دہن ڈالا یہاں تک کہ علم وحکمت کے چشمے اُن کے سینۂ مبارک سے جاری ہوگئے۔ آپ نے حضرت خواجہ غریب نواز معین الدین چشتی علیہ الرحمہ کے سلام کا جواب مرحمت فرمایا اور اُن کو ہندوستان کی ولایت عطا فرمائی۔ آپ نے حضرت سید احمد کبیر رفاعی علیہ الرحمہ کی دلداری فرمائی اور قبر شریف سے اپنا دستِ مبارک ظاہر فرمایا، آپ نے حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامی علیہ الرحمہ کا قصیدۂ مبارک اپنے دربارِ گہربار میں قبول فرمایا اور والیٔ مکہ کو حکم دیا کہ جامی کو انعام واکرام کے ساتھ رخصت کیا جائے۔ آپ نے حضرت امام شرف الدین بوصیری علیہ الرحمہ پر دستِ شفاء رکھا اور اُن کو چادر عطا فرمائی۔ یہاں تک کہ وہ شفایاب ہوئے اور صاحبِ قصیدۂ بردہ شریف ہوئے۔ آپ نے صاحبِ حصنِ حصین حضرت امام محمد بن جزری شافعی علیہ الرحمہ کی دشمن کی قید میں رہنمائی فرمائی اُن کے لیے دعا کی یہاں تک کہ وہ ظالم حکمراں کے چنگل سے آزاد ہوئے (حصنِ حصین، ص ۱۰، ۱۱، ۱۲) آپ نے حضرت شیخ نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی علیہ الرحمہ کو عالم خواب میں "فلک الفقراء المساکین" کے خطاب سے سرفراز فرمایا۔ اور نہ معلوم کتنے محبوبوں پر لطف وکرم فرمایا انہی محبوبوں میں حضرت شیخ احمد سرہندی فاروقی مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کی ذاتِ گرامی ہے جنہوں نے سرزمین ہند میں

Marfat.com

توحید کے سربستہ رازوں سے بے راہوں کو آ گاہ فرمایا اور حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کی تجدید فرمائی ایسے ہی محبوب کی آمد آمد کی بشارت دیتے ہوئے۔

سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''گیارہویں صدی کے شروع میں اللہ تعالیٰ دو جابر بادشاہوں کے درمیان ایک ایسا شخص بھیجے گا جو میرا اہم نام ہوگا۔ نور عظیم الشان ہوگا، ہزاروں انسان اس کی شفاعت سے جنت میں داخل ہوں گے۔''

(خواجہ کمال الدین محمد احسان، روضۃ القیومیہ رکن اوّل، مطبوعہ لاہور، ص، ۳۷، ۳۸)

حدیثِ صلۃ:

حضرت علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمہ ایک حدیث نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''میری اُمت میں ایک شخص ہوگا جس کو 'صلہ' کہا جائے گا، اس کی شفاعت سے اتنے لوگ جنت میں داخل ہوں گے۔

(جلال الدین سیوطی: جوامع الجوامع بحوالہ جواہر مجددیہ، ص ۱۵)

ان احادیث کی روشنی میں اہل نظر نے فضائے بسیط پر آپ کی ولایت کے انوار ملاحظہ فرمائے میراں حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے فضائے بسیط پر آپ کی ولایت کا نور ملاحظہ فرمایا اور آپ کے لیے اپنا خرقہ خاص مخصوص فرمایا جو قادریہ سلسلہ کے نامور شیخ طریقت حضرت شاہ کمال کیتھلی علیہ الرحمہ کے پوتے حضرت شاہ سکندر کمال علیہ الرحمہ نے آپ کو پہنچایا۔ اس کے علاوہ طریقت کے ایک نامور ستارے حضرت شیخ احمد جام علیہ الرحمہ نے آپ کی ولایت کے انوار مشاہدہ کیے اور ارشاد فرمایا:

''میرے بعد سترہ آدمی میری مثل اور میرے ہم نام ظاہر ہوں گے اور اُن

Marfat.com

میں کا اخیر شخص بعثت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے ہزاروں سال کے بعد ظاہر ہوگا اور وہ ان میں سب سے بڑا بزرگ ہوگا۔ حضرت شیخ احمد جام علیہ الرحمہ کے علاوہ طریقت کے جن اور مشائخ نے آپ کی ولایت کے انوار مشاہدہ فرمائے ان میں حضرت داؤد قیصری، حضرت خلیل اللہ بدخشی، حضرت شیخ سلیم چشتی، حضرت نظام الدین نارنولی، حضرت شیخ عبداللہ سہروردی اور دیگر مشائخ شامل ہیں۔ حضرت خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمہ نے بھی سرزمین سرہند میں آپ کی ولایت کے انوار مشاہدہ فرمائے۔

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کی تشریف آوری سے متعلق جو احادیث مبارکہ بیان کی گئی ہیں۔ اُن کے مطابق آپ دو جابر بادشاہوں کے درمیان تشریف لائے اور اعلائے کلمہ حق بلند فرمایا۔ دین کی تجدید فرمائی۔ آپ کا نام نامی اسم گرامی احمد ہے۔ آپ کو مقام شفاعت کی بشارت سے بھی سرفراز کیا گیا تھا اور حدیث شریف میں فرمایا گیا تھا:

''ہزاروں انسان اس کی شفاعت سے جنت میں داخل ہوں گے۔''

اس عظیم الشان بشارت کی تصدیق اس وقت ہوگئی جب سرکار ابد قرار صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کو اپنی زیارت سے سے مشرف فرمایا۔ دنیا کا اجازت نامہ واپس لے کر آخرت کا اجازت نامہ عطا فرمایا اور مقام شفاعت میں نصیب عطا فرمایا۔ (دفتر سوم، حصہ دوم، ص ۱۰۵)

Marfat.com

# میلادِ مجدد قدس سرہ العزیز

از

حضرت محمد سلیم جان سلیم مجددی

دہر را مژدہ کہ شمعِ دگرے پیدا شد　　زشبِ تیرہ مبارک سحرے پیدا شد
آں چناں ابرِ عطا و کرمِ حق بارید !　　گلشنِ فیض بہ ہر بام و درے پیدا شد
گشت آفاق منور ز ضیائے سرہند　　در شبِ تارِ ضلالت قمرے پیدا شد
ماہ و انجم درخشید و فلک داد نوید :　　بر زمیں مہرِ ہدیٰ جلوہ گرے پیدا شد
تہنیت رفت ز گیتی بہ سماواتِ عُلیٰ　　نائبِ احمدِ مرسل بشرے پیدا شد
حسنِ ذات از رخِ پر نور برافگند نقاب　　عشق رقصید کہ صاحب نظرے پیدا شد
مژدہ اے اہلِ دل و مژدہ اے اربابِ وفا　　کہ مسیحا نفسے چارہ گرے پیدا شد
سزد ار فخر اگر مادرِ گیتی نازد :　　در کنارش چہ خجستہ پسرے پیدا شد
شعلہ زد عشقِ رسول از دمِ او در عالم　　باز از خاکِ فسردہ شررے پیدا شد
شکر کز قلزمِ انوارِ رسولِ عربی　　احمدِ ہندی والا گہرے پیدا شد
شکر در باغِ شریعت ز نہالِ فاروق　　راحتِ قلب و نظر خوش ثمرے پیدا شد
عقدۂ شرع و طریقت باشارت وا کرد　　شکر کہ ایں سلسلہ را باز سرے پیدا شد
بود از منزلِ خود صوفی و ملا گمراہ　　شکر کہ ایں قافلہ را راہبرے پیدا شد
باز بنیادِ شہنشاہیٔ اسلام نہاد　　خسروے کلہ و بے کمرے پیدا شد
سرنگوں بر درِ او سطوتِ شاہانِ جہاں　　حاکمِ کشورِ دل تاجورے پیدا شد
کرد او بتکدۂ اکبر و فیضی مسمار　　قصرِ دیں را چہ عجب کارگرے پیدا شد
گردنش پیشِ جہاں گیر نشد خم ہرگز　　آں شہے محتشمے مفتخرے پیدا شد
محرمِ سرِ نہاں سالکِ راہِ ایقاں　　صاحبِ عزم و عمل دیدہ ورے پیدا شد
حامیِ دینِ متیں ماحیٔ شرک و بدعت　　حق نما، حق طلبے، حق نگرے پیدا شد

Marfat.com

نازشِ عالمیاں قدوۂ خاصان خدا　　در نکویانِ جہاں خوبترے پیدا شد
بہ کمالات وفضائل، بہ علوم وعرفاں　　فائق از اہلِ جہاں نامورے پیدا شد
آں مجدد کہ جہاں منتظر او بود :　　شکر صد شکر کہ آں منتظرے پیدا شد۔

ظلمتِ بدعت والحاد ز عالم بگریخت
شکر کز صبحِ سعادت اثرے پیدا شد

# باباطاہر ہمدانی

موآں بحرم کہ درظرف آمدستم　　چوں نقطہ، بر سرِ حرف آمدستم
بہ ہرالفی، الف قدّی برآیہ　　الف قدم کہ درالف آمدستم

(دوبیتی باباطاہر، مطبوعہ کراچی ۱۹۷۴ء، ص ۲۰)

Marfat.com

# ولادت باسعادت

یوں تو صدیوں سے ہی سرزمینِ سرہند حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کے انوارِ ولایت سے جگمگا رہی تھی مگر مئے عرفان پینے کے لیے تشنہ تھی، آخرکار وہ مبارک ساعت آ پہنچی کہ ساقیٔ علم و عرفان حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ نے بروز جمعتہ المبارک اس عالم کو اپنے جمالِ جہاں آرا سے روشن فرمایا، آپ کی ولادتِ باسعادت سرہند شریف میں شب جمعہ ۱۴ ارشوال المکرم ۹۷۱ھ کو ہوئی جبکہ شمسی عیسوی حساب سے ۵ جون ۱۵۶۴ء تاریخ تھی۔ حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ ابھی شیر خوار تھے کہ بیمار ہوگئے آپ کی والدہ ماجدہ آپ کو قادریہ سلسلہ کے نامور شیخ طریقت حضرت شاہ کمال کیتھلی (۹۸۱ھ/۱۵۷۳ء) کی خدمت میں لے گئیں۔ حضرت شاہ کمال نے آپ کو گود میں لیا اور اپنی انگلی آپ کے مبارک ہونٹوں پہ رکھ دی۔ حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ نے اس کو چوسنا شروع کردیا۔ جب آپ قادریہ سلسلہ کی نعمتوں سے سیراب ہو چکے تو حضرت شاہ کمال نے اپنی انگلی آپ کے منہ سے نکال لی اور فرمایا ''قادریہ سلسلہ کی تو نعمت میاں شیخ احمد نے حاصل کرلیں۔'' پھر آپ کی والدہ ماجدہ سے مخاطب ہوکر فرمایا۔ ''خاطر جمع رکھو یہ بچہ عمرِ دراز پائے گا اور باعمل عالم اور عارفِ کامل ہوگا۔ میرے اور تمہارے جیسے اس کے دامن سے بہت سے لوگ وابستہ ہوں گے۔'' (زبدۃ المقامات، ص ۱۲۷)

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کا اسمِ گرامی احمد ہے، کنیت ابوالبرکات، لقب بدرالدین اور خطاب امامِ ربانی مجدد الف ثانی ہے۔ آپ سلسلہ چشتیہ کے روشن آفتاب حضرت مخدوم خواجہ عبدالاحد علیہ الرحمہ (م۔۱۰۰۷ھ/۱۵۹۸ء) کے

Marfat.com

فرزندِ دلبند ہیں۔ حضرت مخدوم حضرت شیخ عبدالقدوس گنگوہی علیہ الرحمہ سے بیعت ہیں جبکہ اجازت و خلافت اُن کے فرزندِ دلبند حضرت شیخ رکن الدین سے حاصل فرمائی۔ حضرت ممدوح نے آپ کو سلسلہ عالیہ قادریہ اور چشتیہ میں اجازت و خلافت عطا فرمائی۔

محقق عصر اہل سنت کے عظیم روحانی پیشوا اور سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ مظہریہ کے شیخ طریقت مسعود ملت حضرت مولانا پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب اپنی تصنیف ''حضرت مجدد الف ثانی'' میں حضرت خواجہ محمد ہاشم کشمی کی تالیف زبدۃ المقامات کے حوالے سے حضرت مجدد الف ثانی کا شجرہ نسب اس طرح تحریر فرماتے ہیں:

''شیخ احمد بن شیخ عبدالاحد بن شیخ زین العابدین بن شیخ عبدالحئ بن شیخ حبیب اللہ بن شیخ امام رفیع الدین بن شیخ نصیرالدین بن شیخ سلیمان بن شیخ یوسف بن شیخ اسحاق بن شیخ عبداللہ بن شیخ شعیب بن شیخ احمد بن شیخ یوسف بن شیخ یوسف بن شیخ شہاب الدین فرخ شاہ کابلی بن شیخ نصیرالدین بن شیخ محمود بن شیخ سلیمان بن شیخ مسعود بن شیخ عبداللہ (واعظ الاصغر) بن شیخ عبداللہ (واعظ الاکبر) بن شیخ ابوالفتح بن شیخ اسحاق بن شیخ ابراہیم بن شیخ ناصر بن حضرت عبداللہ بن عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔''

Marfat.com

# تعلیم و تعلم

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ نے ابتدائی عمر میں قرآن کریم پڑھ لیا تھا پھر اپنے والد ماجد حضرت مخدوم خواجہ عبدالاحد علیہ الرحمہ سے علوم عقلیہ و نقلیہ حاصل فرمائے۔ آپ کے اساتذہ میں مولانا کمال کشمیری، مولانا یعقوب کشمیری اور مولانا قاضی بہلول بدخشی رحمتہ اللہ اجمعین قابلِ ذکر ہیں۔ مولانا یعقوب کشمیری نے آپ کو سند حدیث عطا فرمائی جبکہ قاضی بہلول بدخشی علیہ الرحمہ نے آپ کو مشکوۃ المعابیح کی اجازت مرحمت فرمائی، علوم وفنون کی تکمیل کے بعد آپ سترہ برس کی عمر میں مسندِ ارشاد و ہدایت پر رونق افروز ہوئے۔

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کی پاک تعلیمات سے بے شمار تشنگانِ معرفت سیراب ہوئے۔ آپؒ نے علم و عرفان کے عجیب و غریب معارف ظاہر فرمائے۔ آپ نے نہ صرف طلباء کی تربیت فرمائی بلکہ مشائخ عظام، علما اور عرفاء بھی آپ کی تعلیمات سے فیض یاب ہوئے یہاں تک کہ شہنشاہ محی الدین اورنگزیب عالمگیر علیہ الرحمہ کو یہ شرف حاصل ہوا کہ انہوں نے حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کے پوتے حضرت خواجہ سیف الدین علیہ الرحمہ سے روحانی تربیت حاصل کی اور بلند مقامات پر فائز ہوئے۔

Marfat.com

# شیوخِ طریقت

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ نے متعدد شیوخ سے مختلف سلاسل طریقت میں اجازت وخلافت حاصل فرمائی۔

o ...... سلسلہ سہروردیہ میں شیخ یعقوب کشمیری علیہ الرحمہ سے اجازت و خلافت حاصل فرمائی۔

o ...... سلسلہ چشتیہ میں اپنے والد ماجد حضرت شیخ عبدالاحد علیہ الرحمہ سے اجازت و خلافت حاصل فرمائی۔

☆ ...... سلسلہ قادریہ میں حضرت شاہ سکندر کمال علیہ الرحمہ سے اجازت وخلافت حاصل فرمائی۔

☆ ...... سلسلہ نقشبندیہ میں حضرت خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمہ سے اجازت وخلافت حاصل فرمائی۔

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ نے حضرت خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمہ کی صحبت اختیار کی اور طریقہ طیبہ نقشبندیہ کی تربیت حاصل کی۔ حضرت خواجہ باقی باللہ نے حضرت مجدد الف ثانی کو اپنی صحبت سے نوازنے سے پہلے ہی آپ کی ولایت کے انوار مشاہدہ فرمائے تھے۔ چنانچہ آپ نے حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کی تربیت فرمانے کے بعد ایک خلوت میں ان حقائق اور مشاہدات سے پردہ ہٹایا۔

آپ نے فرمایا:

"جب ہمارے مخدوم مولانائے بزرگ خواجگی امکنگی قدس سرہ نے ہم کو حکم دیا کہ ہندوستان جاؤ تاکہ یہ سلسلہ شریفہ تمہاری وجہ سے رائج ہو اور ہم خود کو اس

Marfat.com

کام کے لائق نہ سمجھتے تھے اس لیے ہم نے عجز ظاہر کیا۔ آپ نے استخارہ کا حکم دیا۔ اس استخارہ میں ہم نے دیکھا کہ گویا ایک طوطا ایک شاخ پر بیٹھا ہے ہم نے اپنے دل میں نیت کی کہ اگر وہ طوطا شاخ سے اُتر کر ہمارے ہاتھ پر بیٹھ جائے تو ہم کو اس سفر میں کشائش حاصل ہوگی۔ اس خیال کے گزرتے ہی طوطا اُڑ کر ہمارے ہاتھ پر بیٹھ گیا اور ہم اپنا لعاب دہن اس کی چونچ میں ڈال رہے تھے اور وہ طوطا میرے منہ میں شکر ڈال رہا تھا۔ اس شب کی صبح کو جب میں نے یہ واقعہ حضرت مولانا خواجگی قدس سرہ کو سنایا تو آپ نے فرمایا کہ طوطا ہندوستانی پرندہ ہے۔ ہندوستان میں تمہارے دامن سے ایک عزیز وجود میں آئے گا کہ ایک عالم اس سے منور ہوگا اور تم کو بھی اس سے حصہ ملے گا اور آپ کے حال کی طرف اشارہ سمجھا۔''

دوسرا واقعہ یہ تھا کہ آپ نے فرمایا۔ ''جب میں تمہارے شہر سرہند پہنچا تو واقعہ میں مجھ پر ظاہر ہوا کہ تم قطب کے جوار میں اُترے ہو اور اس قطب کے حلیہ سے بھی آگاہ کیا اس روز کی صبح کو میں اس شہر کے گوشہ نشینوں اور درویشوں کی تلاش میں گیا۔ جس جماعت کو دیکھا اس کو حلیہ کے مطابق نہیں پایا اور نہ قطبیت کے آثار و حالات کسی میں دیکھے میں نے سوچا کہ شاید اس شہر کے رہنے والوں میں کوئی شخص اس کی قابلیت رکھنے والا بعد میں ظاہر ہو جس دن کہ میں نے تم کو دیکھا تمہارا سارا حلیہ اس کے مطابق پایا اور اس قابلیت کا نشان بھی تم ہی میں دکھائی دیا۔ نیز میں نے دیکھا کہ میں نے ایک بڑا چراغ روشن کیا اور دکھائی دیا کہ ہر ساعت اس چراغ کی روشنی بڑھ رہی تھی۔ نیز دکھائی دے رہا تھا کہ لوگوں نے اس سے اتنے بہت سے چراغ روشن کیے ہیں کہ جب ہم سرہند کے اطراف میں پہنچے تو وہاں کے دشت و صحرا کو مشعل سے بھرا ہوا دیکھا اس کو بھی ہم تمہارے

Marfat.com

معاملے کی طرف اشارہ سمجھتے ہیں۔''

حضرت خواجہ محمد باقی باللہ علیہ الرحمہ نے ایک مرتبہ حضرت مجدد الف ثانی کو شان بیان کرتے ہوئے فرمایا۔

''شیخ احمد ایسے آفتاب ہیں کہ جن کی روشنی میں ہم جیسے ہزاروں ستارے گم ہیں۔''

حضرت خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمہ حضرت مجدد الف ثانی کی مجلس میں تشریف لاتے تو الٹے قدم واپس تشریف لے جاتے جس طرح مرید اپنے پیر کی خدمت میں حاضری کے بعد واپس جاتا ہے۔ حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ نے ایک مکتوب گرامی میں اپنے پیر طریقت حضرت خواجہ محمد باقی باللہ علیہ الرحمہ کے روحانی فیوض و برکات کا ذکر کیا ہے۔ چنانچہ اپنے پیرزادگان خواجہ عبید اللہ اور خواجہ عبداللہ علیہما الرحمہ کے نام ایک مکتوب میں ارشاد فرماتے ہیں۔

''یہ فقیر آپ کے والد بزرگوار کے احسانات میں سرتا پا غرق ہے، راہ طریقت میں الف، ب کا سبق انہیں سے لیا ہے۔ اس راہ کے حروف کی ہجا کرنا بھی انہیں سے سیکھا ہے۔ ابتداء میں انتہا کے مدارج حاصل ہونے کی دولت انہیں کے فیض صحبت سے حاصل ہوئی ہے اور سفر در وطن کی سعادت انہیں کی خدمت کے صدقے میں پائی ہے۔ اُن کی توجہ شریف نے ڈھائی ماہ میں اس ناقابل کو نسبت نقشبندیہ تک پہنچا دیا اور اکابر نقشبندیہ کا حضور عطا فرمایا۔ اس قلیل مدت میں جو تجلیات، ظہورات، انوار، رنگ و بے رنگیاں، کیف و بے کیفیاں حاصل ہوئیں ان کو کیا بیان کروں اور کہاں تک بیان کروں۔

(مکتوبات امام ربانی جلد اوّل مکتوب نمبر ۲۶۶)

Marfat.com

# سلسلہ نقشبندیہ کے انوار ومعارف

حضرت خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمہ نے سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں آپ کی تربیت فرمائی اور آپ کو عالم گہر بنایا چنانچہ حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے اسرار ومعارف اور انوار بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''میں نے طریقت میں سلسلہ نقشبندیہ کی خوبیاں اور حقائق ومعارف بیان کیے ہیں وہ بطور مشاطگی کے ہیں جیسے دلہن اپنی صورت میں ویسی ہی ہوتی ہے جیسی کہ وہ تھی لیکن مشاطہ اس کو ہر طرح سے سنوار کر دلہن بناتی ہے تو دلہن کا حسن و جمال بڑھ جاتا ہے اسی طرح فقیر نے طریقہ نقشبندیہ کے انوار واسرار بیان کرکے اس کی خوبی کو دوبالا کردیا۔ (حصہ ہفتم، دفتر دوم، ص ۱۳۶)

# عقائد حضرت مجدد الف ثانی

حضرت مجدد الف ثانی کا عقیدہ تھا کہ تخلیق نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم، اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے نور سے ہوئی ہے۔ آپ نے محافلِ میلاد شریف کی اجازت دی ہے لیکن شریعت کی رعایت کے ساتھ، آپ نے خواب میں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت فرمائی تو فرزندوں کو مکتوبِ گرامی تحریر فرمایا کہ اس خوشی کے موقع پر قسم قسم کے کھانے پکائے جائیں۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی روحِ پُرنور کو ہدیہ کریں اور خوشی کی مجلس قائم کریں۔ حضرت مجدد الف ثانی نے محبت اہل بیت کو ایمان کی نشانی قرار دیا، اور ایک حدیث کے مطابق صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی محبت کو حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور اُن کے ساتھ بغض کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم ے ساتھ بغض

86686

Marfat.com

قرار دیا۔ حضرت مجدد الف ثانی اپنے پیر و مرشد حضرت خواجہ محمد باقی باللہ علیہ الرحمہ کے عرس شریف میں شریک ہوتے تھے۔ قبر شریف میں اولیائے کاملین کے تصرفات کے قائل تھے۔ اسی طرح انبیاء و اولیاء کے وسیلے کے قائل تھے۔

(صراط مستقیم ص ۱۴، ۲۱، ۲۲، ۲۴، ۲۸، ۲۹، ۳۲، ۳۵)

حضرت مجدد الف ثانی ایصالِ ثواب کے قائل تھے۔ اس سلسلے میں انہوں نے بہت سے مکاتیب میں ارشاد فرمایا ہے جبکہ ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے ایک طویل مکتوب مقربِ بارگاہِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے باب میں ملاحظہ فرمائیے

آپ گستاخانِ رسول سے دشمنی و عداوت کو کامل محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نشانی قرار دیتے تھے۔ چنانچہ ایک مکتوب میں فرماتے ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کمال متابعت آپ کے ساتھ کمالِ محبت کی فرع ہے۔ آپ سے کامل محبت کی علامت و نشانی آپ کے دشمنوں کے ساتھ بغض و عداوت رکھنا ہے۔ محبت میں سستی کی کوئی گنجائش نہیں۔ محبّ محبوب کا دیوانہ ہوتا ہے اس کی مخالفت کی تاب نہیں رکھتا اور محبوب کے مخالفوں کے ساتھ کسی طرح بھی صلح و آشتی نہیں کرسکتا، دو مختلف محبتیں ایک جگہ جمع نہیں ہوسکتیں۔ اچھی طرح غور کرنا چاہئے ابھی معاملہ ہاتھ سے نہیں نکلا۔ گزشتہ کا تدارک کرنا چاہئے کل جب معاملہ ہاتھ سے نکل جائے گا۔ ندامت و شرمندگی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔ دنیا کا سامان دھوکہ ہی دھوکہ ہے چند روزہ زندگی اگر حضور سید الاوّلین و آخرین صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت میں بسر ہو تو نجات ابدی کی امید ہے ورنہ کوئی بھی اور کیسا ہی اچھا عمل کیوں نہ سب ہیچ اور بے کار ہے۔ (دفتر اوّل، حصہ سوم، ص ۷۶)

Marfat.com

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کا عقیدہ تھا کہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں کے ساتھ میل جول اور محبت رکھنا بڑے بھاری گناہوں میں سے ہے چنانچہ ایک مکتوب میں ارشاد فرماتے ہیں۔

دونوں جہانوں کی سعادت سید کونین علیہ وعلی آلہ الصلوۃ افضلہا ومن التسلیمات اکملہا کی اتباع سے وابستہ ہے اور بس اور آنحضر علیہ وعلی الہ الصلوۃ والسلام کی متابعت اسلام کے احکام بجالانے میں اور کفریہ رسومات کے دور کرنے میں ہے کیونکہ اسلام اور کفر ایک دوسرے کی ضد ہیں، ایک کو اختیار کرنا دوسرے کو رد کرنا ہے، ان دو ضدوں کے جمع ہونے کا احتمال محال (ناممکن) ہے اور ایک کو عزت دینے سے دوسرے کی تذلیل لازم آتی ہے۔ حق سبحانہ تعالیٰ اپنے محبوب علیہ الصلوۃ التحیہ سے فرماتا ہے:

"اے نبی کفار ومنافقین سے جہاد کرو اور ان پر سختی کرو۔" (سورہ تحریم، آیت نمبر ۹)

پس حق (تعالیٰ) نے اپنے پیغمبر علیہ الصلوۃ السلام کو جن کی صفت خلق عظیم ہے کفار سے جہاد اور سختی کا حکم فرمایا ہے، اس سے معلوم ہوا کہ ان (کفار) کے ساتھ سخت رویہ اختیار کرنا بھی خلق عظیم میں داخل ہے۔ پس اسلام کی عزت کفر اور کفار کی ذلت وخواری میں ہے، جس نے کفار کو عزیز رکھا اس نے اہل اسلام کو ذلیل کیا۔ ان کو عزت دینے کا مطلب یہی نہیں ہے کہ ان کی (خواہ مخواہ) تعظیم کریں یا ان کو اونچی جگہ بٹھائیں بلکہ ان کو اپنی محفلوں میں جگہ دینا یا ان کے ساتھ ہمنشینی رکھنا اور ان سے خلط ملط ہونا بھی ان کو عزت دینے میں داخل ہے، ان کو کتوں کی طرح اپنے سے دور رکھنا چاہئے اور دنیاوی ضرورتوں میں سے کوئی غرض ایسی آن پڑے جو ان سے متعلق ہو اور بغیر اُن کے حل نہ ہوسکے تو بے اعتنائی کا طریقہ اختیار کرتے ہوئے ضرورت کے مطابق ان سے کام لینا چاہئے اور اسلام کا کمال تو یہ ہے کہ اس دنیاوی غرض کو بھی بالائے طاق رکھتے ہوئے ان کی طرف توجہ نہیں کرنی چاہئے۔ حق سبحانہ و تعالیٰ نے اپنے کلام میں اہل کفر کو اپنا اور اپنے پیغمبر کا دشمن فرمایا ہے۔ لہٰذا خدا اور اس کے رسول کے دشمنوں کے ساتھ میل جول اور محبت رکھنا بڑے بھاری گناہوں میں سے ہے۔ (جلد اول، مکتوب نمبر ۱۶۳، بنام شیخ فرید بخاری، ص ۳۶۱)

Marfat.com

# تبلیغ و ارشاد

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ مسلکاً حنفی تھے۔ آپ نے اپنے مکتوبات میں حضرت امام اعظم ابوحنیفہ علیہ الرحمہ کے مناقب اور فضائل بیان فرمائے ہیں۔ حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ نے اس وقت اپنے نورِ باطن سے سرزمین ہند کو حق تعالیٰ کی توحید اور حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کی روشنی سے معمور فرمایا تھا۔ جب شہنشاہ اکبر نے سرزمین ہند کو کفر و الحاد کی تاریکیوں میں ڈبو دیا تھا۔ آپ نے اکبر کے نام نہاد دینِ الٰہی کی جگہ دین مصطفیٰ صلی اللہ علیہ سلم کا چراغ روشن فرمایا۔ آپ نے حکمت و دانائی کے ذریعے قرآن وسنت کو ہندوستان کے چپے چپے میں پھیلایا اور مسلمانوں کے قلوب میں عشقِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی قندیلیں روشن فرمائیں۔ علامہ اقبال اس حقیقت کا اعتراف کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

وہ ہند میں سرمایہ ملت کا نگہبان
اللہ نے بروقت کیا جس کو خبردار

یہ حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کی تحریکِ احیائے دین کی زندہ کرامت ہے کہ آج مملکت خداداد پاکستان میں اسلامی سلطنت قائم ہے اور برصغیر جنوبی ایشیا میں اسلام کا بول بالا ہے، جس کے اثرات چاردانگِ عالم میں جاری وساری ہیں۔

Marfat.com

# مکتوب بنام ہروے رام (ہندو)

اہلِ ہنود بھی حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کی ولایت کے معترف تھے اور ان سے ہدایات لیتے تھے۔ آپ نے ہروے رام نامی ہندو کو جو مکتوب ارسال فرمایا ہے۔ وہ ایک طرف دعوتِ اسلام ہے اور دوسری طرف توحید کے اسرار و معارف سے مزین ہے۔ چنانچہ آپ ہروے رام کے نام مکتوب میں ارشاد فرماتے ہیں:

''اچھی طرح جان اور آگاہ رہ کر ہمارا تمہارا بلکہ تمام جہانوں کا آسماں ہو یا زمین علیین (ملائکہ) ہو یا سفلین (حیوانات) سب کا پروردگار ایک ہے اور بے کیف، بے مثل ہے، وہ شبہ اور مانند سے منزہ ہے۔ شکل و مثال سے پاک و مبرا ہے۔ کسی کا باپ ہونا اس ذات پاک کے لیے محال ہے۔ اس کی ہمتائی اور اس جیسا ہونا اس بات کی اس بارگاہ میں کچھ گنجائش نہیں۔ مخلوق کے ساتھ اتحاد یا اس میں حلول اس ذات سبحانہ کی شان کے لیے عیب اور نقص ہے۔ اس جناب قدس کے لیے کسی شے میں پوشیدہ ہونا اور کسی شے میں ظاہر ہونا قبیح ہے وہ زمانہ میں نہیں کیونکہ زمانہ اس کی مخلوق ہے وہ کسی مکان میں نہیں ہے کیونکہ مکان بھی اس کا پیدا کیا ہوا ہے اس کے باوجود اس کی بقا نہیں۔ پس مستحق عبادت صرف وہی بلند ذات ہے اور لائق پرستش بھی وہی سبحانہ تعالیٰ ہے۔ (دفتر اوّل، حصہ سوم، ص ۷۹)

Marfat.com

# کلمہ طیبہ کے بلند معارف

آپ نے کلمہ طیبہ کے بلند معارف بیان فرمائے ہیں۔ رسالہ تہلیلیہ آپ کی آفاقی تصنیف ہے۔ آپ نے اپنے مکتوبات میں بھی کلمہ طیبہ کے معارف بیان فرمائے ہیں۔ چنانچہ ایک مکتوب میں کلمہ طیبہ کے معارف بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

## مکتوب بنام مولانا حمید الدین بنگالی

لَآاِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌرَّسُوْلُ اللّٰهِ

یہ کلمہ طیبہ طریقت، حقیقت، شریعت کا جامع ہے جب تک سالک نفی کے مقام میں ہے، طریقت میں ہے اور جب نفی سے پوری طور پر فارغ ہو جاتا ہے اور تمام ماسوا اس کی نظر سے منتفی ہو جاتا ہے تو طریقت کا معاملہ ختم ہو جاتا ہے اور مقام فنا میں پہنچ جاتا ہے۔ جب نفی کے بعد مقامِ اثبات میں آ جاتا ہے اور سلوک سے جذبہ کی طرف رغبت کرتا ہے تو مرتبہ حقیقت کے ساتھ متحقق اور بقا کے ساتھ موصوف ہو جاتا ہے ان باتوں کے طے کرنے کے بعد اُس پر ولایت کا لفظ صادق آتا ہے اور نفس امارہ پن چھوڑ کر مطمئنہ اور پاک صاف ہو جاتا ہے۔ پس ولایت کے کمالات اس کلمہ طیبہ کے جزو اوّل کے ساتھ جو نفی اثبات ہے وابستہ ہے، باقی رہا اس کلمہ مقدسہ کا دوسرا جزو جو حضرت خاتم الرسل علیہ الصلوٰۃ والسلام کی رسالت کو ثابت کرتا ہے یہ دوسرا جزو شریعت کو کامل اور تمام کرنے والا ہے۔ جو کچھ ابتداء اور وسط میں شریعت سے حاصل ہوا تھا وہ شریعت کو کامل اور تمام کرنے والا ہے جو کچھ ابتداء اور وسط میں شریعت سے حاصل ہوا تھا وہ شریعت کی صورت تھی اور اس کا اسم اور رسم تھا۔ شریعت کی اصل حقیقت اس مقام میں حاصل ہوتی

Marfat.com

ہے۔ ولایت حاصل ہونا شریعت کی حقیقت اور کمالات نبوت کے حاصل ہونے کے لیے گویا شرط ہے۔ ولایت کو طہارت یعنی وضو کی طرح سمجھنا چاہئے اور شریعت کو نماز کی طرح۔ طریقت میں حقیقی نجاستیں دُور ہوتی ہیں اور حقیقت میں حکمی نجاستیں دُور ہوتی ہیں تاکہ کامل طہارت کے بعد احکام شریعت بجا لانے اور نماز کے ادا کرنے کی قابلیت حاصل ہو جائے جو مراتب قرب کی نہایت اور دین کا ستون اور مومن کی معراج ہے۔

فقیر کو اس کلمہ کا دوسرا جزو یعنی محمد رسول اللہ دریائے ناپیدا کنار کی طرح معلوم ہوا جس کے مقابلہ میں پہلا جزو قطرہ کی طرح دکھائی دیتا تھا۔ بیشک کمالات نبوت کے مقابلہ میں ذرہ کی کیا مقدار ہے بعض لوگ اپنی نافہمی سے ولایت کو نبوت سے افضل جانتے ہیں اور شریعت کو پوست سمجھتے ہیں اور خیال اُن کا یہ ہے کہ ولایت کا رُخ خالق کی طرف ہے اور نبوت کا خلق کی طرف، بیچارے کیا جانیں کہ وہ شریعت کی صورت سے واقف ہیں اور حقیقت سے بے بہرہ ہیں یہ نہیں جانتے کہ ولایت نبوت کا جزو اور فرع ہے۔ نبوت سے ولایت ہے نہ کہ ولایت سے نبوت، نبوت اصل ہے اور ولایت نبوت کا ظل ہے۔ بعد حصول کمالات نبوت کے اس اکمل ولی کا رُخ خالق کی طرف بھی کامل رہتا ہے اور خلق کی طرف بھی لیکن بمقابلہ اس ولی کے جس کو صرف ولایت سے حصہ ملا ہے۔ حصول کمالات نبوت کے ولی کو تعلق باطنی خدا کے ساتھ زیادہ ہوتا ہے۔ ولی اپنے بھلے کے لیے ذکر میں مشغول رہتا ہے اور قرب حق چاہتا ہے اور اس کا مقصود اس سے بہت دُور ہے اور اس میں اپنی رضا مضمر ہے اور وہ ولی جو کمالات نبوت کے فیضان سے مشرف ہو چکا ہے وہ مقصد تک پہنچ کر رضائے حق کو اپنی رضا کے اور خواہش کے مقابلہ میں ترجیح دے کر وصل سے فصل کو قبول کر کے خلق کی طرف ہدایت کے واسطے آتا ہے۔ صاحب

Marfat.com

ولایت ابھی ظلال اسماء وصفات میں پڑا ہے اور صاحب کمالات نبوت کا قرب تجلی ذات بے پردہ صفات میں پڑا ہے اور صاحب کمالات نبوت کا قرب تجلی ذات بے پردہ صفات ہے۔ چہ نسبت خاک را بہ عالم پاک کی مثال صادق ہے اور یہ مرتبہ ہدایت کا ایسا عالی شان ہے جس کی تکمیل کے واسطے اللہ تعالیٰ نے بہترین جملہ مخلوق حضرات انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو بھیجا ہے۔ اس کی مثال یوں سمجھ میں آجائے گی کہ ایک شخص ذکر وفکر میں مشغول ہے اور ایک شخص بیٹھا ہوا ہے، ان دونوں کے سامنے ایک اندھا آیا اور کنویں میں گرنے کے قریب ہے تو ذکر کرنے والا ذکر میں سے نہ اُٹھا اور دوسرے شخص نے اُٹھ کر اندھے کو کوئیں میں گرنے سے بچا لیا تو اس صورت میں اندھے کو بچانے والا بدرجہا افضل ہے۔ بمقابلہ ذاکر کے اس لیے فیضانِ حق حاصل کر کے خلق کو دوزخ سے بچانے والا اور خدا سے ملانے والا افضل ہے اس ولی سے جو خود کو خدا کی طرف لے جارہا ہے۔ یہ وجوہات مندرجۂ بالا ولایت کو نبوت سے افضل کہنا بالکل غلط اور حقیقت سے دُور ہے۔

(درلا ثانی، ص ۱۶۵، ۱۶۶، ۱۶۷)

## توجہ الی اللہ اور اتباع سنتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت مجدد الف ثانی کا سراپا اتباع سنتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے نور سے معمور تھا، آپ نے اپنے مکتوبات میں اپنے مریدین، مخلصین، علماء، فضلاء، اعیانِ مملکت کی تربیت اتباع سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے توجہ الی اللہ سے فرمائی ہے چند ملفوظات ملاحظہ ہوں۔

(۱)

اللہ سبحانہ وتعالیٰ صاحبِ انعام کی حمد اور اس کا احسان ہے کہ طالبوں کو طلب میں بے قرار اور بے آرام رکھتا ہے اور اس بے آرامی میں غیر کے ساتھ آرام

Marfat.com

پکڑنے سے نجات عطا کرتا ہے لیکن غیر کی غلامی سے مکمل نجات اور خلاصی اس وقت میسر آتی ہے جب بندہ فنا مطلق سے مشرف ہوتا ہے اور ماسوائے حق کے نقوش آئینہ دل سے مٹا دیتا ہے اور حق سبحانہ وتعالیٰ کے سوا کوئی شے اس کا مقصود اور مراد نہیں رہتی (دفتر اوّل، حصہ سوم، ص ۵۴)

(۲)

ایک ضروری نصیحت یہ ہے کہ صاحب شریعت صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع اپنے اور لازم پکڑو اس کے بغیر نجات محال ہے اور دنیا کی زیبائش و آرائش کی طرف مطلقاً التفات اور توجہ نہ کرو اور اس کے ہونے نہ ہونے کو کچھ اہمیت نہ دو کیونکہ دنیا اللہ سبحانہ کی نظر میں مبغوض و مردود ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ہاں اس کی کچھ قدر و منزلت نہیں۔ لہٰذا بندوں کو چاہئے کہ دنیا کے ہونے کی نسبت نہ ہونے کو بہتر جانیں اور دنیا کی بے وفائی اور اس کے جلد فنا ہوجانے کا قصہ مشہور ہے بلکہ مشاہدے میں آچکا ہے تم دنیا چاہنے والے ان لوگوں کے حال سے عبرت پکڑو جو ہم سے پہلے گزر چکے ہیں اللہ تعالیٰ ہمیں اور تمہیں حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کی توفیق عطا فرمائے۔ (دفتر ال، حصہ دوم، ص ۹۷)

# قربِ نبوت اور قربِ ولایت

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ قربِ نبوت سے بھی سرفراز ہیں اور قربِ ولایت سے بھی فیض یاب ہیں چنانچہ ایک مکتوب میں ارشاد فرماتے ہیں۔ اللہ جل شانہ تک پہنچنے کے دو راستے ہیں۔ ایک راستہ نبوت سے تعلق رکھتا ہے اور اصل الاصل تک پہنچنے والا ہے اس راہ سے پہنچنے والے حضرات انبیاء علیہم السلام اور ان کے اصحاب ہیں اور بعض امتی کو بھی اس راہ سے حق تعالیٰ سرفراز فرماتا ہے لیکن

Marfat.com

ویسے پہنچنے والے بہت تھوڑے ہیں اس راستے میں واسطہ نہیں ہے یہ شخص بلا واسطہ فیض حاصل کرتا ہے۔

دوسرا راستہ قرب حق وہ ہے جو ولایت سے تعلق رکھتا ہے تمام قطب۔ اوتاد۔ ابدال نجیب اور عالم اولیاء اللہ سب اسی راستہ سے واصل ہوئے۔ راہِ سلوک اسی راہ سے مراد ہے بلکہ جذبہ متعارفہ بھی اسی میں داخل ہے۔ اس راستہ میں واسطہ ضروری ہے۔ اس راہِ ولایت کے پیشوا اور ان کے گروہ اور ان بزرگوں کے فیض کے سرچشمہ امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ عنہ ہیں اور یہ عظیم الشان مرتبہ انہی کی ذات مبارک سے تعلق رکھتا ہے اس مقام میں گویا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دونوں قدم مبارک حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سر مبارک پر ہیں اور حضرت بی بی فاطمہ وحضرات حسنین رضوان اللہ عنہم بھی اس مقام میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے شریک ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ قبل پیدائش و بعد پیدائش وجود عنصری اس مقام کے مرکز رہے ہیں۔ اس راہ ولایت سے جس کسی کو فیض پہنچتا ہے انہی جناب کے وسیلہ سے پہنچتا ہے۔ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ کا دور تمام ہوا تو یہ عظیم الشان مرتبہ ترتیب وار حضرت حسنین رضی اللہ عنہما کے سپرد ہوا اور ان کے بعد بارہ اماموں میں سے ہر ایک کے ساتھ ترتیب اور تفصیل وار قرار پایا۔ ان بزرگواروں کے زمانے میں اور ان کے انتقال فرمانے کے بعد جس کسی کو فیض و ہدایت پہنچا وہ انہی بزرگوں کے واسطے سے پہنچتا رہا گو اپنے اپنے زمانے کے قطب، ابدال وغیرہ ہوتے رہے لیکن فیض کا مرکز و ملجا و ماویٰ یہی بزرگوار ہوئے ہیں کیوں کہ اطراف کو مرکز کے ساتھ ملحق ہوئے بغیر چارہ نہیں۔ حتیٰ کہ حضرت شیخ عبدالقادر رحمتہ اللہ علیہ کی نوبت آ پہنچی اور یہ منصب مذکور ان بزرگ رحمتہ اللہ علیہ کے حوالے ہوا۔ مذکورہ بالا اماموں کے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ

Marfat.com

کے درمیانی زمانے میں کوئی بزرگ اس منصب سے مشرف ہونا پایانہیں جاتا۔اس راستے میں تمام اقطاب (جمع قطب) اور نجباء (جمع نجیب) کو فیوض و برکات کا پہنچنا حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کے ذریعے سے معلوم ہوتا ہے کیونکہ یہ مرکز سوائے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کے کسی کو میسر نہ ہوا۔اسی واسطے حضرت شیخ رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ 'غروب ہوا آفتاب پچھلوں کا اور چمکا آفتاب میرا۔شمس سے مراد فیض و ہدایت ہے اور غروب سے مراد ہے کہ وہ منصب اب میرے سپرد ہے جو پہلے والوں کے سپرد تھا یعنی رشد و ہدایت پہنچنے کا ذریعہ اب آپ کی ذات مبارک ہے اور جب تک فیضان کے وسیلے کا معاملہ برپا ہے وہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کے وسیلے اور توسل ہی سے پہنچے گا اسی واسطے جو حضرت نے فرمایا ہے کہ غروب ہوا آفتاب پچھلوں کا وہ درست ہے اور اس الف ثانی میں جو فیض مجدد الف سے پہنچے گا۔ وہ بطور نیابت حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ سے پہنچے گا جیسے کہ چاند کی روشنی سورج کی روشنی سے قائم ہے۔حضرت عیسیٰ علیہ السلام و حضرت مہدی رضی اللہ عنہ اس فیضانِ ولایت سے مستثنیٰ ہیں کیونکہ یہ فیض جو بیان کیا جاچکا ہے وہ فیضان ولایت ہے اور حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام و مہدی رضی اللہ عنہ اس فیض ولایت سے الگ ہے اور ولایت سے قوی راستہ ہے جیسے حضرت شیخین حضرت ابوبکر صدیق و حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما بتبعیت نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام راہِ فیضان نبوت سے مشرف ہوئے ہیں اور اپنے اپنے درجوں میں بوجہ فیضان نبوت شان خاص رکھتے ہیں۔ (دفتر سوم، حصہ دوم، ص ۱۶۵)

Marfat.com

# واقف اسرارِ حقیقت

اللہ سبحانہ وتعالیٰ قرآن کریم میں ارشاد فرماتا ہے:

''اُس کی پاکی بولتے ہیں ساتوں آسمان اور زمین اور جو کوئی اس میں سے اور کوئی چیز نہیں جو اُسے سراہتی ہو اس کی پاکی نہ بولے ہاں تم ان کی تسبیح نہیں سمجھتے بے شک وہ حلم والا اور سمجھنے والا ہے۔ (اسرا:۴۴)

سورہ اسرا کی اس آیت مبارکہ سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ کائنات کا ذرہ ذرہ حق تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کرتا ہے۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ان اسرار میں سے حضرات اہل اللہ کو حصہ عطا فرمایا انہی نفوس قدسیہ میں حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کی ذاتِ گرامی ہے جو اشیاء کی حقیقت سے واقف تھے۔ چنانچہ اس حقیقت کو ظاہر کرتے ہوئے حضرت خواجہ محمد ہاشم کشمی علیہ الرحمہ ایک معتبر شخصیت کے حوالے سے بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

ایک مرتبہ آپ کو ضعف لاحق ہوا اور اثنائے ضعف میں آپ نے دس گیارہ دانے منقے کے طلب فرمائے۔ جب خادم نے یہ منقے پیش کیے تو آپ نے مراقبہ کے لیے سر جھکایا، تھوڑی دیر کے بعد سر اُٹھا کر فرمایا کہ عجیب بات ظہور میں آئی کہ جب یہ منقے میرے سامنے رکھے گئے تو مجھے محسوس ہوا کہ وہ سب مناجات کر رہے ہیں اور حق سبحانہٗ سے میری صحت اور اپنے کھائے جانے کے لیے عرض کر رہے ہیں اور مجھے معلوم ہوا کہ حق سبحانہٗ نے ان کی دعا قبول فرمائی اور میری صحت یابی کو ان کے کھانے سے وابستہ کیا۔ چنانچہ آپ نے وہ چند منقے تناول فرمائے اور شفا پائی۔ آپ کے چھوٹے صاحبزادے کہ وہ بھی بیمار تھے اور حالت نا اُمیدی کو پہنچے ہوئے تھے، ان منقوں کے کھانے سے شفایاب ہوئے۔ اسی طرح دو تین دوسرے لوگوں کو بھی شفا حاصل ہوئی۔ تو آپ نے فرمایا کہ یہ منقے کاش زیادہ ہوتے تو بہت سے بیماروں کو شفا حاصل ہو جاتی ہے۔ (زبدۃ المقامات ص۔۳۴۹)

Marfat.com

# قرآن کریم کے اسرار و معارف

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کے قلبِ اطہر پر قرآن کریم کے اسرار و معارف ابر بہاری کی طرح برستے تھے خاص کر رمضان المبارک میں تو ان انوار و تجلیات کا کچھ اور ہی عالم ہوتا تھا، آپ کے ایک خلیفہ حضرت مولانا بدرالدین سرہندی علیہ الرحمہ نے ایک مرتبہ دریافت فرمایا کہ اکثر یہ دیکھا گیا ہے کہ نمازِ تراویح میں اُونگھ آتی ہے لیکن حضور کے ساتھ ایسا نہیں ہوتا تو حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ نے اسرارِ قرآنی کے سمندر میں ڈوب کر فرمایا۔

اسرارِ قرآنی کے سمندر میں شناوری موقع ہی نہیں دیتی کہ آنکھ بند کرسکوں (حضرت القدس حصہ دوم، ص ۹۴)

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ ایک مکتوب میں ارشاد فرماتے ہیں۔ ''اُس ماہِ مبارک (رمضان المبارک) کی تمام خیرات و برکات ان کمالات ذاتیہ کا نتیجہ ہے کہ شان کلام الٰہی ان سب کا جامع ہے۔ قرآن کریم اس جامع شان کا خلاصہ ہے لہٰذا اس ماہ مبارک کی قرآن مجید کے ساتھ پوری مناسبت ہے کیونکہ قرآن کریم تمام کمالات کا جامع ہے۔ (حصہ سوم، ص ۶۹)

# علم احکام اور علم اسرار

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ ارشاد فرماتے ہیں: وہ علوم جو انبیاء علیہم السلام کے ہیں، دو قسم کے ہیں: ایک علم احکام اور دوسرا علم اسرار اور عالم وارث وہ ہے جس کو دونوں قسم کے علم حاصل ہوں نہ کہ وہ شخص کہ جس کو ایک ہی قسم کا علم حاصل ہو اور دوسرا علم اس کو نہ ہو کہ یہ بات وراثت کے منافی ہے۔ کیونکہ وارث کو مورث کے ہر ترکہ میں سے حصہ ملنا چاہئے۔ (دفتر اوّل، حصہ چہارم، ص ۱۸۹)

Marfat.com

## مرید اور مراد

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ مرید بھی ہیں اور مراد بھی ہیں چنانچہ ایک مکتوب میں فرماتے ہیں۔

''میں اللہ تعالیٰ کا مرید بھی ہوں اور مراد بھی میری ارادت بلاواسطہ اللہ تعالیٰ سے متصل ہے اور میرا ہاتھ اللہ تعالیٰ کے ہاتھ کے قائم مقام ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے میری ارادت بہت سے واسطوں سے ہے۔ طریقہ نقشبندیہ میں اکیس واسطے ہیں اور طریقہ قادریہ میں پچیس اور طریقہ چشتیہ میں ستائیس۔

(دفتر سوم، حصہ دوم، ص ۴۰)

## طاق عدد کی رعایت

حضرت مولانا محمد ہاشم کشمی علیہ الرحمہ بیان فرماتے ہیں کہ ایک روز یہ بندہ آپ کی خدمت میں حاضر تھا۔ آپ نے مولانا صالح ختلانی کو حکم دیا کہ چند لونگیں تھیلی سے نکال لائیں۔ انہوں نے چھ لونگیں پیش کیں۔ آپ جلال میں آگئے اور فرمانے لگے کہ ہمارے اس صوفی نے اتنا بھی نہیں سنا ہے کہ "اللہ وِتْرٌ یُحِبُّ الوِتْر. (اللہ وتر ہے وتر کو پسند فرماتا ہے) وتر (طاق) کی رعایت مستجاب میں سے ہے، مستحب کو لوگ کیا جانیں، مستحب اللہ تعالیٰ کا پسند کیا ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے پسند کیے ہوئے ایک عمل کے بدلے اگر دنیا اور آخرت کو دیدے تو کچھ بھی نہ دیا۔ (زبدۃ المقامات، ص ۲۷۵)

Marfat.com

# معمولاتِ طیبات

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کے شب و روز کا آغاز نماز تہجد سے ہوتا اور نماز عشاء کے بعد ختم ہوتا گویا آپ کا ہر لمحہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی یاد میں بسر ہوتا ہے۔ صاحبِ زبدۃ المقامات حضرت خواجہ محمد ہاشم کشمی علیہ الرحمہ آپ کے شب و روز بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

حضرت (مجدد) کا عمل جاڑے اور گرمی میں اور سفر و حضر میں یہ تھا کہ اکثر نصف اخیر میں اور کبھی رات کی آخری تہائی میں اُٹھ کر اس وقت کی مسنون دعائیں پڑھتے پھر پورے طور پر احتیاط کے ساتھ وضو کرتے تھے۔ آپ اس کے قائل نہ تھے کہ وضو میں کوئی دوسرا شخص آپ کے ہاتھ پر پانی ڈالے۔ وضو کے پانی میں آپ سے اس قدر احتیاط ظاہر ہوتا تھا کہ اس سے بڑھ کر تصور نہیں کیا جاسکتا۔ اس میں قبلہ رو ہونے کی رعایت کرتے تھے۔ لیکن دونوں پاؤں کے دھونے کے وقت شمال یا جنوب کی طرف پھر جاتے تھے اور مسواک کو ہر وضو میں اور وضو کو ہر نماز میں لازم سمجھتے تھے الا ماشاء اللہ (بجز اس کے کہ کبھی کبھی جب اللہ تعالیٰ چاہیں) اور ہر عضو کو تین بار دھوتے تھے اور ہر بار ہاتھ سے پانی کو نچوڑتے تھے تاکہ قطرہ گرنے کا احتمال نہ ہو تو دھوئے ہوئے عضو میں اور نہ دھونے والے ہاتھ میں رہے اور اس کی حکمت یہ ظاہر کرتے کہ چونکہ غسالہ کی نجاست و طہارت میں اختلاف ہے اور اگرچہ فتویٰ اس کے پاک ہونے پر ہے لیکن درود پر عمل کرتے تھے اور ہر عضو کے دھونے میں کلمہ شہادت درود اور وہ ماثورہ دعائیں بھی پڑھتے تھے جو احادیث کی کتابوں مثلاً تکملہ مشکوٰۃ اور بعض کتب فقہ اور عوارف میں منقول ہیں۔ وضو کے بعد چشم حق بین کے گوشہ کو آسمان کی طرف کرتے اور جو دعا اس وقت کے لیے منقول ہے پڑھ کر تہجد کی طرف متوجہ ہوتے تھے اور اطمینان اور

Marfat.com

پورے حضور و جمعیت اور طویل قیام کے ساتھ تہجد ادا کرتے تھے اس طرح کی طاقت بشری بغیر تائید الٰہی جل شانہ اس کے ادا کرنے سے قاصر ہے۔

ابتدائے احوال میں اکثر تہجد، چاشت اور فے زوال میں سورہ یٰسین کی قرأت بار بار کرتے اس طرح کہ کبھی تو اس کی قرأت ۸۰ مرتبہ تک پہنچ جاتی کبھی کم ہوتی اور کبھی اس سے بھی زائد ہو جاتی اور اواخر میں اکثر نماز میں ختم قرآن میں مشغول ہو جاتے۔ تہجد ادا کرنے کے بعد پورے خشوع و استغراق کے ساتھ خاموش اور مراقبہ میں بیٹھتے۔ فجر سے دو تین گھڑی پیشتر ایک گھڑی سنت کے مطابق اونگھ لیتے تاکہ تہجد دو نیندوں کے درمیان ظہور پذیر ہو۔ پھر طلوع فجر سے پہلے بیدار ہو کر نماز فجر میں مشغول ہوتے۔ فجر کی سنت گھر ہی میں ادا کرتے اور سنت اور فرض کے درمیان سُبحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمْدِہٖ ۰ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ کی تکرار مخفی طور پر کرتے۔ فجر کے فرض ادا کرنے کے بعد اشراق کے وقت تک اپنے ساتھیوں کے ساتھ مسجد ہی میں حلقہ کر کے مراقبہ میں بیٹھتے اس کے بعد نماز اشراق طویل قرأت کے ساتھ چار رکعتیں دو سلام کے ساتھ ادا کر کے ان تسبیحات اور ماثورہ دعاؤں میں مشغول ہوتے جو اس وقت کے لیے منقول ہیں۔ اس کے بعد حرم میں جا کر عورتوں بچوں کی خبر گیری کرتے اور معاش کے متعلق جو امور ہوتے ان کا حکم دیتے۔ اس کے بعد خلوت میں چلے جاتے اور قرآن مجید کے قرأت کی طرف توجہ فرماتے۔ تلاوت کے بعد طالبوں کو طلب فرما کر ان کے حالات دریافت فرماتے یا مخلص اصحاب کو بلا کر اسرار خصوصی بیان فرماتے ہیں۔

"جب ضحٰی وہ کبری ہو جاتا تو نماز چاشت خلوت میں ادا کر کے پھر باہر تشریف لے جاتے اور اس جماعت کے ساتھ کھانا تناول فرماتے خود بنفس نفیس توجہ فرماتے اور تمام فرزندوں اور درویشوں کو جو کچھ پکا ہوا ہوتا ایک ایک کر کے پہنچاتے اگر اس وقت فرزندوں اور درویشوں میں سے کوئی حاضر نہ ہوتا تو حکم دیتے کہ اس کا حصہ رکھ دیں۔

Marfat.com

کھانا تناول فرمانے کے بعد ماثورہ دعائیں پڑھتے جو اس وقت کے لیے منقول ہیں اور اخیر زمانہ میں جبکہ آپ نے تنہائی اختیار کر لی تھی اور روزہ تھا تو آپ کھانا اُسی خلوت خانہ میں تناول فرماتے۔ کھانے کے بعد فاتحہ کا پڑھنا جیسا کہ لوگوں کے درمیان معروف ہے۔ آپ سے بہت کم دیکھا گیا کیونکہ احادیث صحیحہ میں نہیں ذکر آیا ہے۔ روزانہ دوپہر سے پہلے کوئی چیز کھا لیتے اور وہ بھی بہت ہی کم مقدار میں ہوتی اس کے باوجود فرماتے کہ کیا کیا جائے آخری عمر کے تقاضا کی بنا پر بھوک کی حالت میں سرورِ دین و دنیا صلی اللہ علیہ وسلم کا کامل اتباع میسر نہیں ہوتا ہے۔

نیز فرماتے تھے کہ جو امور عارف کو ملکیت سے بشریت کے نزدیک کر دیتے ہیں۔ ان میں کوئی چیز کھانے کی طرح نہیں ہے۔ کبھی تہجد کے وقت اس کی کدورتوں کی صورت مثالیہ نظر میں آتی ہے۔ کھانا پورے پورے خشوع وحضور کے ساتھ تناول فرماتے اور ساتھیوں کو بھی اس وقت خشوع وحضور کی تاکید فرماتے۔ کھانا کھانے کے وقت بائیں زانو کو اٹھا کر تناول فرماتے۔ کھانا تناول کر لینے کے بعد تھوڑی دیر سنت کے حکم کے مطابق قیلولہ فرماتے اور آپ کا مؤذن ظہر کے اوّل وقت میں اذان کہتا۔ اذان سننے کے بعد بلا تاخیر وضو کی طرف متوجہ ہوتے اور سنت زوال میں مشغول ہوتے اور فرماتے تھے کہ حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بعثت کے زمانے سے رحلت تک سنت زوال کو ترک نہیں کیا اور اس میں قرأت کبھی تو طوال مفصل کی کرتے اور کبھی قصار کی کرتے اس کے بعد ظہر کے فرض کی رکعتیں اور دو رکعت سنت پڑھتے اور چار رکعت اور بھی ادا کرتے۔ نماز ظہر سے فارغ ہو کر بیٹھتے اور حافظ سے قرآن کا ایک پارہ یا کم وبیش سنتے اور اگر کوئی درس ہوتا تو درس دیتے۔ اگر کوئی حافظ موجود نہ ہوتا تو خلوت میں جا کر خود تلاوت کرتے تھے اور نماز عصر اوّل وقت میں مثلین کے گزرنے کے بعد ادا کرتے۔ یہ نہیں دیکھا گیا کہ عصر سے پہلے کی چار رکعت سنت کو آپ نے ترک کیا

Marfat.com

ہو۔ عصر کے بعد سے وقت غروب کے قریب تک ساتھیوں کے ساتھ سکوت اور مراقبہ میں گزارتے تھے۔ فجر وعصر کے ان حلقوں میں باطنی طور پر مریدوں کے احوال کی طرف متوجہ ہوتے اور نماز مغرب بھی اگر بادل نہ ہوتے تو اوّل وقت ہی میں ادا کرتے۔ فرض ادا کر لینے کے بعد اسی جلسہ میں دس بار آہستہ سے کلمہ لا اله الا اللّٰه وحده، لا شریک له، پڑھتے اور سنت اور فرض کے درمیان فعل کرنے کے لیے اللّٰھُمَّ نت السلام و منک السلام تبارکت یا ذا الجلال و الاکرام سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے۔ دو رکعت سنت اور چار رکعت ادابین ادا کرنے کے بعد اس وقت کی ماثور دعائیں پڑھتے اور اوبین کبھی چار رکعت اور کبھی چھ رکعت ادا کرتے اور اس میں اکثر سورہ واقعہ کی قرأت کرتے۔ افق کی سفیدی کے زائل ہونے کے بعد عشاء کی نماز ادا کرتے کیونکہ امام اعظم کے نزدیک شفق سے یہی مراد ہے۔ عشاء کے فرض سے پہلے چار رکعت سنت اسی طرح عشا کی دو رکعت سنت کے بعد بھی چار رکعت سنت ادا کرتے اور آخری سنت کی چار رکعتوں میں اَلم سجدہ، سورۃ تبارک۔ قل یا ایھا الکافرون اور قل ھواللہ احد کی قرأت کرتے۔ کبھی ان چاروں رکعتوں میں چاروں قل پڑھتے۔ اگر ان چار رکعتوں میں الم سجدہ اور سورہ الملک نہ پڑھی ہوتی تو وتر ادا کرنے کے بعد ان دونوں سورتوں کو سورہ دخان کے ساتھ پڑھتے اور ساتھیوں کو بھی ان وقتوں میں ان سورتوں کے پڑھنے کی ہدایت کرتے، وتر کی پہلی رکعت میں اکثر سبح اسم اور دوسری میں قل یا ایھا الکفرون اور تیسری میں سورہ اخلاص پڑھتے۔ قنوت حنفی کے ساتھ قنوت شافعی کو بھی ملاتے۔ وتر ادا کرنے کے بعد کبھی دو رکعت بیٹھ کر ادا کرتے۔ ان دو رکعتوں میں اذا زلزلت اور دوسری میں قل یا ایھا الکفرون پڑھتے۔ آخری زمانے میں شاذ و نادر ان دو رکعتوں کو ادا کرتے اور فرماتے تھے کہ اس کے متعلق فقہاء نے بہت ہی قیل و قال کیا ہے اور وتر کے بعد جو دو سجدے متعارف ہیں وہ

Marfat.com

نہیں کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ علماء نے اس کی کراہت کا فتویٰ دیا ہے۔ وتر کبھی اوّل شب میں اور کبھی تہجد کے بعد پڑھتے اور جب اوّل شب میں وتر پڑھ لیتے تو اخیر شب میں اس کو دوبارہ نہیں پڑھتے تھے جیسا کہ بعض لوگ کرتے ہیں اور فرماتے تھے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ایک رات میں دو وتر نہیں ہوتے ہیں اور فرماتے تھے کہ ایک رات انہیں دکھایا گیا کہ وتر کے تاخیر سے ادا کرنے کی صورت میں جب نمازی سو جاتا ہے اور نیت کرتا ہے کہ آخر شب میں وتر ادا کرے گا تو اس کے کاتبین اعمال ساری رات اسی کے نام سے نیکیاں لکھتے رہتے ہیں یہاں تک کہ وہ وتر ادا کرے اس کے ساتھ ساتھ فرماتے تھے اور تحریر بھی فرمایا کہ وتر کے جلد پڑھنے یا دیر سے پڑھنے میں سید البشر صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت کے سوا اور کوئی چیز پیش نظر نہیں ہے اور کسی فضیلت کو متابعت کے ہم پلہ نہیں قرار دیتا ہوں اور حضرت رسالت مآب (صلی اللہ علیہو سلم) نے وتر کبھی اوّل شب میں اور کبھی آخر شب میں ادا فرمایا ہے اور اپنی خوش نصیبی اس کو سمجھتا ہوں کہ کسی امر میں آنسرور صلی اللہ علیہ وسلم سے تنبیہ اختیار کروں اگرچہ وہ تشبیہ صورت ہی کے اعتبار سے ہو۔ (زبدۃ المقامات ص ۲۷۹، ۲۸۲، ۲۸۳، ۲۸۴)

حضرت مجدد الف ثانی فنا فی الرسول صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔ ان کے لیے صرف اور صرف حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت کافی تھی ہاں:۔

ع کافی ہے بس اک نسبت سلطان مدینہ

# کوہِ استقامت

حضرت مجدد الف ثانی کوہِ استقامت تھے اُن کی نظر اللہ کی طرف تھی اور جس کی نظر شہنشاہ مطلق کی طرف ہوتی ہے وہ کسی بادشاہ کو خاطر میں نہیں لاتا اعیانِ مملکت میں حضرت مجدد الف ثانی کا حلقہ بڑی تعداد میں تھا اس کے علاوہ

Marfat.com

آپؒ کے مخالفین جہانگیر بادشاہ کے کان بھرتے رہتے تھے چنانچہ بادشاہ کے سامنے آپ کی شکایت کی گئی کہ آپ اپنے مرتبہ کو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے بلند کرتے ہیں اور سجدۂ تعظیمی سے انکار کرتے ہیں یہی وجہ تھی کہ جہانگیر نے آپ کو دربار میں طلب کیا آپ نے سجدہ تعظیمی کے بجائے السلام علیکم کہا اور آپ بادشاہ کے سامنے تشریف لے گئے اور بادشاہ کے اس سوال کا کہ آپ اپنے آپ کو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے بلند کہتے ہیں جواب دیا بادشاہ مطمئن ہوگیا کہ آپ کے ایک مخالف نے بادشاہ سے کہا آپ نے اس شیخ کے تکبر کو ملاحظہ نہیں کیا، اس نے آپ کو سجدہ تک نہیں کیا بلکہ معمولی تواضع سے بھی کام نہیں لیا۔ یہ سن کر بادشاہ غضب ناک ہوگیا اور آپ کو قلعہ گوالیار میں قید کردیا۔ (زبدۃ المقامات، ص ۲۱۵)

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ نے تقریباً ایک سال یعنی ۱۰۲۸ھ/ ۱۶۱۹ء سے ۱۰۲۹ھ/ ۱۶۲۰ء تک سنت یوسفی کی تکمیل فرمائی اور بکثرت ہندوؤں کو مشرف با اسلام کیا۔

حضرت مجدد الف ثانی نے سجدہ تعظیمی نہ فرما کر عزیمت پر عمل فرمایا رخصت پر عمل نہ فرمایا آپ نے اعیان مملکت اور فوج کو جہانگیر کے خلاف بغاوت سے منع فرمایا اور فرمایا یہ قید اللہ کی طرف سے آئی ہے ہم کو جہانگیر بھی عزیز ہے اور یہ قید بھی عزیز ہے۔ قلعہ گوالیار میں اسیری کے دوران جہانگیر نے آپ کے باغ کتابوں اور حویلی پر قبضہ کرلیا۔ آپ نے اپنے فرزندوں کے نام جو مکتوب ارسال فرمایا وہ عزیمت کی تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا ذرا ملاحظہ فرمائیے۔

Marfat.com


## مکتوب بنام حضرت خواجہ محمد سعید و حضرت خواجہ محمد معصوم

ہر راحت اور تکلیف کے وقت خدا کی حمد کرنا چاہئے ہر قسم کی بلا و مصیبت میں تکلیف ضرور معلوم ہوتی ہے لیکن فرصت کو غنیمت جان کر تین چیزوں قرآن مجید کی تلاوت یا نماز طویل قرأت کے ساتھ یا ذکر کلمہ شریف میں مشغول رہیں سوائے ذکر الٰہی کے کسی کام میں مشغول نہ ہوں۔ اب کتابوں کے مطالعہ کا وقت نہیں ہے۔ ذکر حق کا وقت ہے۔ حتیٰ کہ میری خلاصی بھی جو تمہارے واسطے نہایت ضروری ہے تمہاری مراد نہ ہونی چاہئے اور حق تعالیٰ کے فضل اور تقدیر اور ارادہ پر راضی رہنا چاہئے، حویلی، سرائے چاہ، باغ اور کتابوں اور دوسری چیزوں کا غم سہل ہے۔ ان چیزوں کی فکر میں وقت ضائع نہ کرنا چاہئے۔ اگر ہم مرجاتے تو یہ چیزیں بھی چلی جاتیں تاکہ کوئی فکر نہ رہے، بہتر ہے کہ ہماری زندگی میں چلی جائیں تاکہ فکر نہ رہے (درِ لاثانی، ص ۲۰۴)

حضرت مجدد الف ثانی نے بادشاہ کے سامنے سجدۂ تعظیمی نہیں فرمایا بلکہ قید و بند کو قبول فرمایا اور دنیا نے عزیمت کی تاریخ رقم فرمائی۔ اقبال نے سچ کہا:

گردن نہ جھکی جس کی جہانگیر کے آگے
جس کے نفسِ گرم سے ہے گرمیٔ احرار

Marfat.com



قلعہ گوالیار (بھارت) جہاں سجدہ تعظیمی سے انکار کی پاداش میں جہانگیر بادشاہ
نے حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کو ایک سال نظر بند رکھا

Marfat.com

# نوازشات اولیائے کرام

حضرت مجدد الف ثانی سرچشمہ ولایت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی روحانیت سے فیضیاب ہوئے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ایک مرتبہ عالم خواب میں فرمایا تھا۔

''ہم تجھ کو آسمانوں کا علم سکھانے آئے ہیں''

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کو میراں حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی علیہ الرحمہ نے اپنا خرقہ خاص عطا فرمایا آپ حضرت غوث الاعظم کے نائب مناب ہیں۔

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کو حضرت خواجہ معین الدین چشتی علیہ الرحمہ نے اپنے مزارِ خاص کی چادر عطا فرمائی۔ ایک مکتوب گرامی میں ارشاد فرماتے ہیں۔ اس سفر اجمیر میں کافی تکلیف رہی مگر تازہ معرفتیں حاصل ہوئیں۔ حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی علیہ الرحمہ کی روحانیت سے بھی فیض یاب ہوئے جس کا ذکر آپ نے رسالہ مبدا و معاد میں فرمایا ہے۔ حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ نے حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند علیہ الرحمہ کی روحانیت سے اویسی طریقہ میں فیض حاصل کیا۔

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ نے حضرت خواجہ شہاب الدین سہروردی کا فیض حضرت شیخ یعقوب کشمیری کی وساطت سے حاصل فرمایا۔

Marfat.com

# مقربِ بارگاہِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ العزیز کا سراپا اتباع سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے نور سے معمور تھا، آپ کئی بار حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرفِ ہوئے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ آپ مقرب بارگاہِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم ہیں چند حقائق پیش خدمت ہیں۔

(۱)

اپنے پیر و مرشد حضرت خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمہ کی خدمت میں ایک مکتوب ارسال کیا جس میں ارشاد فرمایا:

ایک رسالہ دوستوں کے اصرار پر جس میں ضروری نصیحتیں طریقت کی ہیں ارسال خدمت کیا جائے گا یہ رسالہ بڑی برکتوں والا ہے اس رسالہ کے لکھنے کے بعد ایسا معلوم ہوا کہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی امت کے بہت سے مشائخ کے ساتھ تشریف رکھتے ہیں اور اس رسالہ کو اپنے دست مبارک میں لیے ہوئے ہیں اور اپنے کمالِ کرم سے اس کو چومتے ہیں اور مشائخ کو دکھاتے اور فرماتے ہیں کہ اس قسم کے اعتقاد حاصل کرنے چاہئیں اور وہ لوگ جنہوں نے ان علوم سے سعادت حاصل کی ہے وہ نورانی اور ممتاز ہیں اور عزیز الوجود ہیں اور آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو کھڑے ہیں اور کمال کرم سے چومتے ہیں اور اسی مجلس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاکسار سے ارشاد فرمایا کہ اس واقعہ کو شائع کر۔ (دُرلا ثانی، ص ۲۴۰)

(۲)

چند سال پہلے فقیر کا یہ طریق تھا کہ اگر طعام پکاتا تو اہل عبا کی ارواحِ پاک کو بخش دیا کرتا تھا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت امیر رضی اللہ عنہ و

Marfat.com

حضرت فاطمہ زہرہ و حضرت امامین کو بھی ملایا کرتا تھا۔ ایک شب کو فقیر نے خواب میں دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں، فقیر نے سلام عرض کیا تو فقیر کی طرف حضور صلی اللہ علیہ وسلم متوجہ نہ ہوئے اور فقیر کی طرف سے منہ مبارک پھیر لیا اور پھر فقیر سے ارشاد فرمایا کہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر کھانا کھاتا ہوں جس کسی کو کھانا بھیجنا ہو وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر بھیج دیا کرے اس وقت فقیر کو معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آزردگی اس وجہ سے تھی کہ فقیر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو شریک ثواب نہ کرتا تھا اس کے بعد فقیر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا و تمام ازواج مطہرات کو جو سب اہل بیت ہیں شریک کر لیتا ہے اور تمام اہل بیت کو اپنا وسیلہ بناتا ہے۔ (دُر لا ثانی، ص ۱۵۱)

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ جب مکاتیب تحریر فرماتے تو اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی حمد و ثنا اور حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں درود و سلام کا ہدیہ پیش کرنے کے بعد فرماتے، عشقِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس سے زیادہ اور کیا دلیل ہوگی۔
حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

''قیامت کے دن لوگوں میں سے سب سے زیادہ میرے قریب وہ شخص ہوگا جو مجھ پر درود شریف کی کثرت کرے۔

(تاریخ کبیر ۱۵/۱۷۷ صحیح ابن حبان ۳/۱۹۹۲ رقم الحدیث ۹۱۱ بحوالہ بشائر الحسنات، ص ۱۸)

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کی رگ رگ میں عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم جاری و ساری تھا جب ہی تو آپ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے سمندرِ عشق میں ڈوب کر ارشاد فرماتے ہیں۔''

''فقیر اللہ کو محض اس لیے دوست رکھتا ہے کہ وہ ربِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔''

Marfat.com

# مقربِ بارگاہ صمدیت جل جلالہ

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ مقربِ بارگاہِ صمدیت تھے اور اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے اسمِ اعظم اللہ کا بہت ادب اور اکرام کرتے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے آپ کو دارین میں عزت وشرف اور بلند مرتبہ عطا فرمایا۔

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ برائے قضائے حاجت بیت الخلا تشریف لے گئے۔ وہاں مٹی کا ناتمام ایک پیالہ تھا جس پر اللہ کا مبارک اسم نقش تھا اور مہتر اس سے قاذورات اُٹھاتا تھا آپ کی نظر اس پیالے پر اور اللہ کے مبارک نام پر پڑی۔ آپ نے اس کو اُٹھایا۔ باہر تشریف لائے اور پانی منگوا کر اپنے مبارک ہاتھ سے اس ناتمام پیالے کو پاک کیا اور پھر اس کو سفید کپڑے میں لپیٹ کر ادب سے طاق میں رکھ دیا۔ جب پانی نوش فرماتے تو اس پیالے میں سے نوش فرماتے اس سلسلے میں آپ کو الہام ہوا۔

''تم نے ہمارے نام کا احترام کیا ہم تمہارے نام کو رفعت دیں گے۔''

(حضرت مجدد اور ان کے ناقدین، ص ۴۳)

حضرت مجدد الف ثانی اسرار و معارف تحریر کرتے وقت قرآن کریم کی آیات کا حوالہ بھی تحریر کرتے تھے اور جس قلم سے یہ معارف تحریر فرماتے اس کی سیاہی بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے مبارک ناخن سے جذب فرماتے تھے۔ ایک دن آپ اسرار و معارف تحریر فرمارہے تھے، ناگاہ ضرورت بشری کی وجہ سے بیت الخلا تشریف لے گئے تھوڑی دیر نہ گزری تھی کہ آپ باہر تشریف لائے اور آپ نے پانی طلب فرما کر بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن کو دھویا اور آپ نے فرمایا ناخن پر سیاہی کا دھبہ تھا اور سیاہی حروف قرآنی کے اسباب کتابت میں سے ہے بنابریں لائق ادب نہ سمجھا کہ اس دھبے کے ہوتے ہوئے طہارت کروں۔ (حضرت مجدد اور اُن کے ناقدین، ص ۴۱)

Marfat.com

# وصالِ مبارک

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ صاحبِ انفاس تھے۔ آپ کی نظر قضائے مبرم پر تھی وصالِ مبارک سے دس سال قبل ۱۰۲۴ھ میں جب کہ عمر شریف ۵۳ سال کی ہوئی تھی ارشاد فرمایا:

''میں ۶۲ سال سے زیادہ اپنی عمر نہیں دیکھتا اور یہ قضائے مبرم صاف صاف نظر آ رہی ہے۔''

۱۰۳۲ھ میں اجمیر شریف سے مخدوم زادوں حضرت خواجہ محمد سعید اور حضرت خواجہ محمد معصوم علیہ الرحمہ کو ایک مکتوب گرامی تحریر فرمایا اور اپنے وصال کی صاف صاف خبر دی۔ آپ نے فرمایا:

''آج شب کو دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فقیر کے لیے اجازت نامہ لکھا ہے جیسا کہ مشائخ کی عادت ہے کہ خلفاء کے لیے اجازت نامے لکھتے ہیں۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو اپنی مہر سے مزین فرمایا اور دنیا کے عوض آخرت کا اجازت نامہ عطا فرمایا اور مقام شفاعت میں نصیب عطا فرمایا۔

(دفتر سوم، حصہ دوم ص ۱۰۵)

وصالِ مبارک سے تقریباً دس ماہ پہلے یعنی ۱۵ شعبان المعظم ۱۰۳۳ھ کی شب کی آپ کی اہلیہ نے فرمایا۔

''نہ معلوم خدا نے آج کس کس کے نام ورق ہستی سے مٹائے ہوں گے۔''

حضرت مجدد الف ثانی نے یہ سنتے ہی فرمایا: ''تم یہ بات شک اور تردد سے کہہ رہی ہو، اس شخص کا کیا حال ہوگا جو یہ دیکھ رہا ہے اور جانتا ہے کہ لوح محفوظ سے اس کا نام مٹا دیا گیا ہے۔'' (وصال احمدی، ص ۴،۵)

اس ارشاد گرامی سے یہ بات معلوم ہوئی کہ آپ کی نظر لوح محفوظ پہ تھی۔

Marfat.com

چنانچہ آپ کے ارشادِ گرامی کے عین مطابق اسی سال یعنی ۲۹ صفر المظفر ۱۰۳۴ھ کی رات کے آخری حصے میں آپ نے وصال فرمایا۔

آپ کا سفرِ آخرت کیا تھا۔ سفرِ عشق تھا، سفرِ محبت تھا، سفرِ قرب تھا، سفرِ وصال تھا ذرا ملاحظہ فرمائیے۔ وصال والے دن رات کے آخری حصے میں فرمایا۔ ''آنے والا دن، یوم وصال ہے۔ خادموں سے فرمایا۔ ''آپ نے بہت تکلیف اُٹھائی ہے۔ آج کی رات کی تکلیف اور ہے۔'' آپ پر استغراق اور محویت کا عالم طاری تھا، سانس تیزی سے چلنے لگا، فرزند دلبند خواجہ محمد صادق گھبرا گئے۔ حضرت مجدد الف ثانی نے آنکھ کھولی اور فرمایا ہم اچھے ہیں۔ تھوڑی دیر کے بعد فرمایا'' جو دو رکعت ہم نے پڑھی تھیں بس وہ کافی ہیں۔''

وصال کے وقت سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر سختی سے پابند رہنے کی نصیحت فرمائی۔ سبحان اللہ سبحان اللہ جان بلب ہیں مگر رُخ جانِ جاناں ایمان جہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کی طرف ہے اور اسی کیفیت میں اسی جذب و مستی میں ۲۹ صفر المظفر ۱۰۳۴ھ بروز دوشنبہ صبح کے وقت جانِ عزیز رحمت حق کے سپرد فرمادی۔

وصال کے بعد آپ کا جسد پرنور اتباع سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے معمور تھا۔ وصال کے وقت قبلہ رُخ دائیں کروٹ پر رخسار کے نیچے ہاتھ رکھ لیے تھے جو لیٹنے کا مسنون طریقہ ہے۔ عمر شریف حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے سن شریف سے متجاوز نہ تھی۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنے حبیب لبیب حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی اس عظیم سنت میں سے حصہ عطا فرمایا۔

وصال کے وقت حضرت خواجہ محمد سعید علیہ الرحمہ نے حضرت مجدد الف ثانی کے ہاتھ سیدھے کردیے تھے لیکن جب غسل دینے کے لیے تخت پر لٹایا گیا تو دونوں ہاتھ اس طرح بندھے ہوئے تھے جیسے نماز میں باندھے جاتے ہیں۔ غسل

Marfat.com

کے وقت داہنی کروٹ سے جب نہلایا گیا تو دستِ مبارک اسی طرح بندھے رہے جس طرح نماز میں یعنی داہنا اوپر اور بایاں ہاتھ نیچے اور جب کفن دینے کے لیے ہاتھ پھیلائے گئے تو حاضرین نے دیکھا کہ دونوں ہاتھ متحرک ہوئے یہاں تک کہ داہنا ہاتھ بائیں ہاتھ کے اوپر زیرناف آ گیا یعنی نماز کی نیت باندھ لی۔ حاضرین نے آفرین کی صدا بلند کی۔ حضرت خواجہ محمد سعید علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ جب حضرت کی مرضی اسی میں ہے تو اسی طرح رہنے دو۔

حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا:

''جیسے زندگی بسر کرو گے ویسے ہی اُٹھائے جاؤ گے۔''

آپ کی نمازِ جنازہ آپ کے فرزند دلبند حضرت خواجہ محمد سعید علیہ الرحمہ نے پڑھائی۔ اس کے بعد صاحبزادہ مرحوم خواجہ محمد صادق کے پہلو میں دفن کر دیا گیا یہی وہ جگہ ہے جہاں حضرت مجدد الف ثانی نے اپنی زندگی میں ایک نور دیکھا تھا اور اسی جگہ تدفین کی وصیت فرمائی۔

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ حالت نماز میں اپنی قبر شریف میں جلوہ افروز ہیں یعنی حالتِ مشاہدہ میں ہیں نماز میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنا مشاہدہ رکھا ہے جب ہی تو حدیث شریف میں فرمایا گیا کہ ''نماز اس طرح پڑھو کہ جیسے تم اللہ کو دیکھ رہے ہو۔''

حضرت مجدد الف ثانی کا مزارِ مبارک سرہند شریف (مشرقی پنجاب بھارت) میں مرجع خلائق عام ہے۔ ڈاکٹر علامہ محمد اقبال آپ کے روضہ انور پر حاضر ہوئے اور فیض یاب ہوئے آپ فرماتے ہیں:

حاضر ہوا میں شیخ مجدد کی لحد پر
وہ خاک کہ ہے زیرِ فلک مطلع انوار

Marfat.com

# اولادِ امجاد و خلفائے کبار

حضرت مجدد الف ثانی کی اولاد امجاد میں سات صاجزادے اور تین صاجزادیاں تھیں۔

صاجزادگان میں سب کے سب عارف کامل اور آفتاب ولایت تھے آپ کی اولاد امجاد کی تفصیل درج ذیل ہے۔

## صاجزادگان:

| | |
|---|---|
| ۱۔خواجہ محمد صاق علیہ الرحمہ | م۱۰۲۵ھ۔۱۶۱۶ء |
| ۲۔خواجہ محمد سعید علیہ الرحمہ | م۱۰۷۰ھ۔۱۶۵۰ء |
| ۳۔خواجہ محمد معصوم علیہ الرحمہ | م۱۰۷۹ھ۔۱۶۶۰ء |
| ۴۔خواہ محمد فرخ علیہ الرحمہ | م۱۰۲۵ھ۔۱۶۱۶ |
| ۵۔خواجہ محمد عیسیٰ علیہ الرحمہ | م۱۰۲۵ھ۔۱۶۱۶ |
| ۶۔خواجہ محمد اشرف علیہ الرحمہ | م |
| ۷۔خواجہ محمد یحییٰ علیہ الرحمہ | م۱۰۹۶ئھ۔۵۸۔۱۶۸۴ء |

## صاجزادیاں:

۱۔بی بی رقیہ بانو علیہ الرحمہ

۲۔بی بی خدیجہ بانو علیہ الرحمہ

۳۔بی بی ام کلثوم علیہ الرحمہ

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کے خلقائے کبار کا سلسلہ دور دور تک پھیلا ہوا ہے جن کی تعداد پچاس سے زائد ہے چند خلفاء کے اسماء گرامی یہ ہیں۔

Marfat.com

۱۔صاجبزادہ خواجہ محمد صادق ۔(م۱۰۲۵ھ/۱۶۱۶ء)
۲۔صاجبزادہ خواجہ محمد سعید (م۱۰۷۰ھ/۱۶۵۹ء)
۳۔صاجبزادہ خواجہ محمد معصوم (م۱۰۷۹ھ/۱۶۶۸ء)
۴۔حضرت میر محمد نعمان (م۱۰۵۸ھ/۱۶۴۸ء)
۵۔شیخ طاہر لاہوری، (۱۰۴۰ھ/۱۶۳۰ء)
۶۔شیخ آدم بنوری (م۱۰۵۳ھ/۱۶۴۳ء)
۷۔شیخ حسن برکی
۸۔خواجہ محمد ہاشم کشمی
۹۔شیخ بدرالدین سرہندی
۱۰۔خواجہ محمد اشرف کابلی
۱۱۔مولانا عبدالغفور سمرقندی
۱۲۔شیخ محب اللہ مانک پوری
۱۳۔شیخ احمد استنبولی
۱۴۔مولانا عبدالحکیم سیالکوٹی

## تصانیف

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کی تصانیف میں درج ذیل قابل ذکر ہیں۔
مکتوبات امام ربانی (حصہ اوّل، دوم، سوم) اثبات النبوت، رسالہ ردروافض، شرح رباعیات خواجہ باقی باللہ، تعلیقات عوارف، رسالہ علم حدیث، رسالہ خواجگان نقشبندی، رسالہ تہلیلیہ، رسالہ مکاشفات غیبیہ، رسالہ آداب المریدین، مبداء ومعاد، معارف لدنیہ وغیرہ۔

Marfat.com

# کرامات

اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے انبیاء علیہم السلام کو معجزات اور اولیائے کاملین کو کرامات عطا فرمائیں ہیں قرآن کریم میں حضرت سلیمان علیہ السلام کے وزیر حضرت آصف بن برخیا کو عالمِ کتاب ہونے کی وجہ سے فضیلت حاصل ہوئی اور وہ ایک عظیم کرامت سے مشرف ہوئے۔ (النمل: ۴۰) حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے اُمت کے بعض ولی تو بنی اسرائیل کی انبیاء کی طرح ہیں۔ حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ قربِ نبوت سے بھی فیض یاب ہیں اور قربِ ولایت سے بھی فیض یاب ہیں اُن کو کمالاتِ نبوت میں سے بھی حصہ عطا ہوا، انہی کمالات کا ظہور آپ کی زندہ اور بین کرامات میں ہوا چند پیشِ خدمت ہیں۔

## حیاتِ ظاہری کی کرامات

(۱)

سید جمال جو ذوق و حال والے اور نہایت حق گو ہیں اور حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ کے مقبول مریدوں میں سے ہیں، مجھ سے فرماتے تھے کہ ایک وادی میں ناگاہ ایک شیر میر سے سامنے آ گیا۔ دہشت تنہائی بھی تھی اور اس درندہ کی ہیبت بھی غالب ہوئی تو میں سخت خوف زدہ ہوا اور لرزنے لگا اور اس جنگل سے بھاگنا بھی ممکن نہ دیکھا۔ مجبوراً حضرت مجدد الفِ ثانی قدس سرہ کی حمایت کے لیے التجا کی۔ اس تضرع اور آپ کی طرف توجہ کرتے ہی مجھے نظر آیا کہ آپ اپنے ہاتھ میں عصا لیے ہوئے جلدی سے پہنچ گئے اور پوری قوت سے وہ عصا اُس شیر کے منہ پر مارا۔ پھر جب میں نے غور کیا تو نہ حضرت ہی نظر آئے اور نہ اُس جنگل میں وہ شیر دکھائی دیا۔ (زبدۃ المقامات، ص ۳۵۱)

Marfat.com

(۲)

آپ کے بعض نہایت معتبر مریدوں نے بتایا کہ محمد صادق کابلی جو آپ کے جلیل مخلصین میں سے تھے، جذام میں (اللہ بچائے) مبتلا ہو گئے، مرض کے غلبہ کی وجہ لوگوں نے اُن کے ساتھ اُٹھنے بیٹھنے اور کھانے پینے سے اجتناب کرنا شروع کر دیا یہاں تک کہ ایک دن ایک مجلس میں اُن کے ایک خاص دوست نے بھی اُن کے ساتھ کھانے سے پرہیز کیا۔ وہ اس دوست کے عار سے سخت شرمندہ اور رنجیدہ ہوئے اور آپ کی خدمتِ عالیہ میں حاضر ہو کر توجہ اور عنایت کے ملتجی ہوئے۔ حضرت مجدد الفِ ثانی قدس سرہٗ وفورِ شفقت و رحمت کے باعث بہت مغموم ہوئے، اور اس مرض کے دفع کے لیے توجہ فرمائی اور اُس مرض کو خود اپنے اوپر کھینچ لیا۔ چنانچہ اُن کے بدن کا اثر آپ کے قدم مبارک پر آ گیا اور احباب نے دیکھا کہ مولانا محمد صادق کابلی کے بدن پر اس کا اثر باقی نہ رہا، ہر چند کہ اس واقعہ کو دیکھ کر مخلصین کا اخلاق اور عقیدت آپ سے بہت زیادہ بڑھ گئی لیکن اس لیے کہ وہ مرض آپ کی طرف منتقل ہو گیا تو وہ سب کے سب بہت غمگین ہوئے اور بے چین ہو گئے۔ جب آپ نے صاجزادوں اور احباب کی پریشانی اور بے آرامی مشاہدہ فرمائی، تو پھر آپ نے بارگاہِ الٰہی میں التجا اور تضرع کیا کہ آپ سے بھی مرض دور کر دیا جائے۔ چنانچہ اللہ پاک کی عنایت سے وہ مرض دُور ہو گیا اور آپ نے صاجزادگان اور احباب کو اس کی خوش خبری سنادی اور وہ اعضاء بھی دکھلا دیے کہ اُن پر بفضلہٖ تعالیٰ وہ اثر باقی نہ رہا۔ پھر سب نے شکر ادا کیا۔

(زبدۃ المقامات، ص ۳۵۲، ۳۵۳)

(۳)

حضرت مجددِ الف ثانی قدس سرہٗ کے چھوٹے بھائی شیخ محمد مسعود حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ کے مقبول مریدوں میں سے تھے اور صاحبِ کشف تھے۔ معیشت

Marfat.com

کے لیے تجارت کرنے کے لیے قندھار گئے ہوئے تھے۔ اُسی زمانے میں ایک روز صبح کے وقت اپنے ایک خادم سے جو موجود تھا فرمایا:

"عجب معاملہ ہے۔ میں نے چاہا کہ محمد مسعود کے احوال کی طرف توجہ کروں تو آپ نے مکاشفے کی آنکھ سے بہت تلاش کیا اُسے میں نے روئے زمین پر کہیں نہ پایا۔ پھر میں نے اور بھی غور سے دیکھنا چاہا تو اُس کی قبر نظر آئی کہ وہ ابھی قریب زمانے ہی میں فوت ہوا ہے۔"

یہ بات لوگوں نے سنی تو حیرت میں پڑ گئے۔ آپ کے فرمانے کے چند روز بعد اُن کے رفقاء نے آکر ان کی وفات کی خبر سنائی۔ (زبدۃ المقامات، ص ۳۷۴، ۳۷۵)

# کرامات بعد وصال

(۱)

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کے ایک مقبول مرید شیخ پیر محمد فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ نماز ظہر میں جب کہ بڑے صاحبزادے حضرت خواجہ محمد سعید علیہ الرحمہ امامت فرما رہے تھے میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ میرے برابر کھڑے ہیں اور چونکہ میرے اور اُن کے درمیان اس جماعت کی صف میں کچھ خلا تھا، تو آپ نے میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے اپنے قریب کرلیا کہ پھر فاصلہ نہ رہا، پھر جب سلام پھیرا تو آپ نظر نہ آئے۔ (زبدۃ المقامات، ص ۴۰۰)

(۲)

راقم الحروف کے پیر و مرشد برحق حضرت مفتی اعظم ہند شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ کے جد امجد فقیہ الہند حضرت شاہ محمد مسعود محدث دہلوی علیہ الرحمہ کے مرید باصفا اور خلیفۂ اجل حضرت شاہ محمد رکن الدین الوری علیہ الرحمہ سرہند شریف میں

Marfat.com

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کے روضۂ انور پر حاضر تھے اور مراقبہ فرما رہے تھے کہ نوازشات امام ربانی ہوئیں اور قبر شریف سے آواز آئی۔

دادیم، دادیم، دادیم

ہم نے دیا ہم نے دیا ہم نے دیا

حضرت شاہ محمد رکن الدین الوری فرماتے ہیں کہ اس وقت ہم نے مشاہدہ کیا کہ تمام ارواح طیبہ موجود ہیں جن میں حضرت خواجہ غریب نواز بھی تشریف فرما ہیں۔ ہم اپنی طلب لیے حاضر تھے اور اُدھر سے ارشاد ہو رہا تھا دادیم، دادیم، دادیم (بزم جاناں ص ۱۴۴)

(۳)

حضرت شاہ محمد رکن الدین الوری علیہ الرحمہ کے ایک مخلص بزلہ سنج شاعر سیف صاحب جب حضرت کی عطا کردہ کلاہ کو پہن کر روضہ مجدد پر حاضر ہوئے تو وہاں سے آواز آئی کہ

''ازیں کلاہ بوئے دوست می آید''

کہ تمہارے کلاہ اور ٹوپی سے ہمارے محبوب کی خوشبو آتی ہے۔''

یہ واقعہ جب مولوی سیف نے حضرت سے آ کر عرض کیا تو آنکھوں میں آنسو آ گئے اور رقت طاری ہوگئی آپ نے فرمایا۔

''اگر وہ نہ نوازیں گے تو ہمیں کون نوازے گا۔'' (بزم جاناں ص ۱۴۴)

(۴)

شیخ طریقت سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ مظہریہ مسعود ملت حضرت مولانا پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب اپنی ایک تالیف مواعظ مظہری میں خانوادہ مجددیہ کے چشم و چراغ حضرت مولانا محمد ہاشم جان سرہندی علیہ الرحمہ کے حوالے سے حضرت مجدد الف ثانی کی ایک کرامت بیان فرمائی ہے انہی کی زبانی سنئے:

Marfat.com

سید سلیمان ندوی ابتداء میں اولیاء اللہ اور صوفیہ کرام سے کوئی عقیدت نہیں رکھتے تھے اسی زمانے کا ایک عبرت انگیز اور سبق آموز واقعہ سید صاحب نے سندھ کے ایک مشہور و معروف عالم حضرت مولانا پیر ہاشم جان صاحب مجددی فاروقی سرہندی سے کراچی کے زمانۂ قیام میں بیان فرمایا۔ آپ نے فرمایا: ''میں چند احباب کے ساتھ بسی سے حافظ عبدالحکیم کے یہاں سے واپس ہوا تو احباب نے سرہند شریف میں فاتحہ خوانی کے لیے اصرار کیا چنانچہ ہم سب لوگ سرہند پہنچے مجھے چونکہ اولیاء اللہ سے کوئی خاص عقیدت نہ تھی اس لیے میں باہر مسجد کے احاطے والی دیوار پر جوتے پہنے ہوئے بے تکلفانہ پیر لٹکا کر بیٹھ گیا اور احباب اندر چلے گئے۔ تھوڑی دیر بعد کیا دیکھتا ہوں کہ درگاہ سے ایک نورانی صورت سفید ریش بزرگ میری طرف چلے آرہے ہیں، مجھ پر ہیبت طاری ہوگئی کیونکہ یہاں اس وقت کوئی نہ تھا وہ بزرگ میرے سامنے آکر ٹھہر گئے اور فرمایا:

''مکتوبات ماخواندۂ؟ تو نے میرے خطوط پڑھے ہیں؟ میں نے جواب دیا۔

''خواندہ ام'' (پڑھے ہیں)

پھر فرمایا: ''فہمیدۂ؟'' (تو نے کچھ سمجھا؟)

میں نے عرض کیا۔

''خواندہ ام اما اندکے فہمیدہ ام۔'' (میں نے پڑھے تو ہیں لیکن بہت کم سمجھا ہے)

اس سوال و جواب کے بعد مجھ پر ایسی کیفیت طاری ہوئی کہ میں ہوش میں نہ رہا اور بے ہوش ہوکر زمین پر گر پڑا، جب احباب فاتحہ خوانی کے بعد واپس آئے تو مجھ کو اس حالت میں دیکھا بیہوش پڑا ہوں۔ منہ سے جھاگ نکل رہے ہیں، انہوں نے پانی چھڑکا تھوڑی دیر کے بعد ہوش میں آیا اور سارا ماجرا سنایا۔

(مواعظ مظہری، ص ۸۰)

Marfat.com

ذخیرہ

# خراجِ عقیدت

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کو جن مشائخ، علماء، عرفاء اور دانشوروں نے خراج تحسین پیش کیا ان میں یہ حضرات قابلِ ذکر ہیں۔

☆ ......شیخ عبداللہ قطب علیہ الرحمہ

☆ ......خواجہ محمد عبداللہ المعروف بہ خواجہ خورد علیہ الرحمہ

☆ ......خواجہ عبدالاحد وحدت علیہ الرحمہ

☆ ......حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمہ

☆ ......حضرت شاہ عبدالغنی مہاجر مدنی علیہ الرحمہ

☆ ......ڈاکٹر محمد اقبال وغیرہ وغیرہ

حضرت مجدد الف ثانی علماء صوفیہ، مفکرین مشرق، محققین مغرب اور محققینِ مشرق کی نظر میں بڑے ممتاز تھے جس کی تفصیل حضرت مولانا پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب نے اپنی تالیف سیرت مجدد الف ثانی کے صفحہ ۳۶۴ تا ۴۰۶ میں بیان فرمائی ہے۔

حصول برکت کے لیے یہاں حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامی علیہ الرحمہ، حضرت خواجہ عبداللہ ابن حضرت خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمہ اور حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمہ کا وہ خراج تحسین پیش کیا جاتا ہے جو انہوں نے حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کے حضور پیش کیا۔

Marfat.com

(۱)

## مولانا عبدالرحمٰن جامی

نقشبندیہ عجب قافلہ سالارانند
کہ برندازرہ پنہاں بحرم قافلہ را
ناقصے گر کند ایں سلسلہ را طعنِ قصور
حاشا للہ کہ برآرم بزبان ایں گلہ را
ہمہ شیران جہاں بستہ ایں سلسلہ اند
رُوبہ از حیلہ چساں بگسلد ایں سلسلہ را

(روض الازھار فی ذکر الاخیار، مطبوعہ دہلی، ۱۳۴۴ء)

(۲)

## خواجہ عبداللہ

(ابن خواجہ باقی باللہ)

امامِ زماں قطبِ اقطابِ عالم
کہ چوں اوندانم کہ بگذشت یک تن
زبس ہمت و وسعت فیض باطن
بہ تجدید الف دوم شد معین
چو بہر شفاعت بہ محشر درآید
جہانے نہاں گردش زیر امن

(شیخ بدرالدین سہرندی، حضرات القدس، مطبوعہ لاہور، ۱۳۴۳ھ، ص ۲۶۵)

Marfat.com

ذخیرہ

(۳)

## شاہ ولی اللہ محدث دہلوی

ان کی جلالت شان یہاں تک پہنچی ہے کہ ان کے متعلق بے خطر کہا جا سکتا ہے کہ ان سے نہیں محبت کرتا مگر مومن تقی اور نہیں بغض رکھتا مگر فاجر شقی۔''

(شیخ محمد صالح الزواوی نقشبندی المجددی المظہری المکی: نفائس السانحات فی تذییل الباقیات الصالحات، مطبوعہ مکہ مکرمہ، ۱۳۰۰ھ، ص۔۳۰)

# طالبینِ نقشبندیہ مجددیہ کے لیے بشارت

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ نے طالبینِ طریقت کو ایک عظیم بشارت سے سرفراز فرمایا ہے چنانچہ آپ تحدیثِ نعمت کے طور پر ارشاد فرماتے ہیں:

''یہ فقیر اپنے دوستوں کے حلقے میں ایک روز بیٹھا ہوا تھا اور اپنی کمزوریوں پر غور کر رہا تھا۔ یہ فکر اس حد تک غالب آ چکی تھی کہ اپنے آپ کو (درویشی کی) اس وضع میں بغیر کامل مناسبت کے محسوس کر رہا تھا۔ اسی عرصے میں بہ مصداق (جو اللہ کے لیے انکساری کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اُسے اور بلند فرما دیتا ہے) میرے باطن میں یہ ندا دی کہ (میں نے تجھے بخش دیا جو تیرے وسیلے سے مجھ تک پہنچیں، خواہ یہ وسیلہ بالواسطہ ہو یا بلاواسطہ) اس عظیم بشارت کے بعد حضرت مجدد الف ثانی اللہ کے اس کرم کو بار بار دہراتے رہے کہ کسی شک و شبہ کی گنجائش نہ رہے اس کے بعد حضرت مجدد الف ثانی نے حق تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کی اور حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجا (مبدا و معاد، ص۱۰۴)

Marfat.com

# ارشادات حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ

- مبارک ہے وہ شخص جس کے دل میں خدا کے سوا کسی غیر کی محبت نہ ہو۔
- علماء کے لیئے دنیا کی محبت اور رغبت ان کے جمال کے چہرے کا بدنما داغ ہے۔
- دونوں جہاں کی سعادت کا نقد دونوں جہاں کے سردار حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی اتباع سے وابستہ ہے۔
- اگر قلب اللہ تعالیٰ کے سوا غیر کی طرف مائل ہے تو خراب و ابتر ہے۔
- دنیا ظاہر میں بہت میٹھی ہے اور اس کا باطن بہت خراب زہر قاتل ہے۔
- فقراء کی صحبت سرمایۂ آخرت ہے کیونکہ یہی لوگ اللہ کے ہمنشیں ہیں۔
- نماز سب عبادتوں میں بہتر عبادت ہے اس کو خضوع و خشوع سے باجماعت ادا کرنا چاہیئے۔
- خدا کی نعمت ہے کہ جوانی میں یادِ خدا کرے اور بڑھاپے میں امید مغفرت رکھے۔
- دل کا اطمینان اللہ کے ذکر سے ہوتا ہے ذاکر اور مذکور کے درمیان ایک قسم کا علاقہ پیدا ہو جاتا ہے۔
- فرض کو چھوڑ کر نفل میں مشغول ہونا لایعنی میں داخل ہے۔
- اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ احسان کرنے کا حکم دیا ہے۔

Marfat.com

میاں جمیل احمد شرقپوری نقشبندی
ذخیرہ

- مالداروں کی صحبت سے بچنا چاہیئے اور فقراء کی صحبت اختیار کرنی چاہیئے۔
- وقت کو غنیمت جان کر کام وقت پر کریں نہ معلوم پھر وقت ملے یا نہ ملے۔
- دنیا کے معاملات سے پریشان اور تنگ دل نہ ہوں یہ دنیا مقامِ فنا ہے۔
- اللہ تعالیٰ کی حمد ہے کہ جس نے اپنے طالبوں کو اپنی طلب میں بے قرار و بے آرام رکھا ہے۔
- اللہ تعالیٰ کا فیضِ عام ہر بُرے بھلے کے سامنے ہے بعض اس کو قبول کرتے ہیں بعض قبول نہیں کرتے۔
- اللہ تعالیٰ اولیاء اللہ کے دوستوں کو بدبخت نہیں کرتا۔
- جس قدر آدمی زیادہ ہوں گے اس قدر رزق زیادہ آئے گا۔
- جمعیت کے ساتھ حق تعالیٰ کو یاد کرنا چاہیئے اور متعلقین کا فکر حق تعالیٰ کے کرم کے حوالے کرنا چاہیئے۔
- کلمہ سبحان اللہ و بحمدہٖ سو بار روز پڑھنا چاہیئے اس کا حساب بے حساب ہے۔
- انسان میں جس قدر کمالات ہیں یہ سب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں۔
- سنت کی پیروی کریں اور بدعت سے اجتناب کریں۔
- اے عزیز دنیا دار العمل ہے اور دار الجزا اور سزا آخرت ہے۔
- اس جہاں میں مصائب و غم اور حزن و اندوہ خدا کی بہترین نعمت ہے۔
- خدا کی معرفت اس پر حرام ہے جس کے دل میں دنیا کی محبت رائی کے دانے کے برابر ہو۔

Marfat.com

- کلمہ طیبہ، طریقت حقیقت اور شریعت کا جامع ہے۔
- اہل اللہ کی صحبت میں ایک ساعت رہنا مجاہدوں کے کئی چلوں سے بہتر ہے۔
- اے عزیز رفیق، گناہ کے بعد ندامت اور عاجزی پیدا ہونا نعمتِ عظیم ہے۔
- نیکی کرنے کے بعد تکبر عجب پیدا ہونا زہر قاتل اور مرض مہلک ہے۔
- قرآن مجید تمام احکامات شرعیہ بلکہ تمام گذشتہ شریعتوں کا جامع ہے۔
- خاصانِ خدا اپنی نیکیوں کو خدا کی طرف منسوب کرتے ہیں اور جملہ برائیوں کو اپنی ذات سے جانتے ہیں۔
- درود شریف اور ذکر دونوں کا ثواب اور اجر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو برابر پہنچتا ہے۔
- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص میری مردہ سنت کو زندہ کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو سو شہیدوں کا ثواب عطا فرمائیں گے۔
- عام لوگوں کے نزدیک مردہ زندہ کر دینا بڑی کرامت ہے لیکن خاصانِ خدا کے نزدیک دل مردہ کو ذکر حق سے زندہ کر دینا افضل ہے۔
- ہر راحت اور ہر تکلیف کے وقت خدا کی حمد کرنی چاہیئے۔
- خدا کی جناب سے ناامیدی کفر ہے اس کی رحمت سے امیدوار ہونا چاہیئے۔
- اللہ تعالیٰ کا کوئی کام حکمت اور بہتری سے خالی نہیں۔
- دل خواہ مومن کا ہو یا گنہگار کا دل کی ایذا سے بچنا چاہیئے۔
- سب سے بہتر نصیحت یہ ہے کہ شریعت کی پیروی استقامت کے ساتھ کریں۔

Marfat.com

# مآخذ ومراجع


۱۔القرآن الحکیم
۲۔مکتوبات امام ربانی مترجم مولانا محمد سعید احمد نقشبندی مطبوعہ کراچی ۱۹۷۰ء
۳۔حضرات القدس حصہ دوم مرتبہ حضرت علامہ بدرالدین سرہندی مطبوعہ سیالکوٹ ۱۴۰۳ھ
۴۔زبدۃ المقامات مرتبہ حضرت علامہ محمد ہاشم کشمی علیہ الرحمہ مطبوعہ سیالکوٹ، ۱۴۰۷ھ
۵۔مبداء و معاد مصنفہ حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ مترجم مولانا سید زوار حسین شاہ مطبوعہ کراچی ۱۴۰۴ھ/۱۹۸۴ء
۶۔حضرت مجدد اور ان کے ناقدین مصنفہ شاہ ابوالحسن زید فاروقی مطبوعہ دہلی ۱۳۹۷ھ/۱۹۷۷ء
۷۔درلا ثانی مرتبہ مولانا شاہ محمد ہدایت علی علیہ الرحمہ مطبوعہ کراچی ۱۴۰۰ھ
۸۔وصال احمدی مرتبہ ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان مطبوعہ کراچی ۱۳۸۸ھ
۹۔سیرت مجدد الف ثانی مرتبہ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد مطبوعہ کراچی ۱۳۹۶ھ/۱۹۹۵ء
۱۰۔حضرت مجدد الف ثانی مصنفہ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد مطبوعہ کراچی ۱۴۱۶ھ/۱۹۷۶ء
۱۱۔صراط مستقیم مصنفہ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد مطبوعہ کراچی، ۱۹۹۶ء
۱۲۔مواعظ مظہری مرتبہ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد مطبوعہ کراچی ۱۳۹۰ھ/۱۹۷۰ء
۱۳۔بزم جاناں مرتبہ ڈاکٹر ابوالخیر محمد زبیر مطبوعہ حیدرآباد سندھ ۱۹۸۰ء
۱۴۔کلیات اقبال مطبوعہ کراچی ۱۹۹۹ء
۱۵۔بشائر الحسنات مولفہ محمد بدرالاسلام مجددی مطبوعہ جہلم پنجاب ۲۰۰۱ء
۱۶۔حصنِ حصین مؤلفہ امام محمد بن جزری مطبوعہ لاہور
۱۷۔قلائد الجواہر، مصنفہ محمد یحییٰ تادنی علیہ الرحمہ، مطبوعہ کراچی، ۱۹۷۸ء
۱۸۔معین الہند، مولفہٗ ڈاکٹر ظہورالحسن شارب، (دہلی)، مطبوعہ لاہور، ۱۹۶۱ء
۱۹۔شرح قصیدہ بردہ شریف، مصنف امام محمد بن سعید بوصیری علیہ الرحمہ شارح علامہ ابوالحسنات محمد احمد قادری، مطبوعہ لاہور، ۱۹۸۷ء
۲۰۔فضائل درود، مطبوعہ لاہور۔
۲۱۔دلی کے بائیس خواجہ مولفہٗ ڈاکٹر ظہورالحسن شارب (دہلی) مطبوعہ لاہور، ۱۹۸۴ء


Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com